





Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

السلام علیکم!!!

ہماری ویب سائٹ پر شائع ہونے والے تمام ناولز اور مواد مصنفہ / مصنف کے نام اور ٹائٹل سے محفوظ ہیں۔

ان تحریر کے رائٹس کریزی فینز آف ناول اور مصنفہ / مصنف کے پاس محفوظ ہیں بغیر اجازت کوئی بھی شخص ان تمام ناولز مواد کی نقل نہیں کر سکتا۔

نقل شدہ مواد پکڑے جانے کی صورت میں متعلقہ فرد، بلاگ یا ویب سائیٹ کو درپیش آنے والے مسائل کا وہ خود ذمہ دار ہوگا۔

**نوٹ:**

ہمیں اپنی ویب سائٹ کریزی فینز اوف ناول کے لئے لکھاریوں کی ضرورت ہے اگر آپ ہماری ویب سائٹ پہ اپنے ناول، افسانے، کالم، آرٹیکل اور شاعری شائع کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کرکے مندرجہ ذیل زریع کو استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔


Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انشاءاللہ آپ کی تحریر دو دن کے اندر ویب سائٹ پر شائع کر دی جائے گی۔



تفصیلات کے لیے ان رابطوں کا انتخاب کیجیے۔

**کریزی فینز آف ناول پبلیشرز**

Email : crazyfansofnovel@gmail.com

Facebook Page : fb.me/CrazyFansOfNovel

Facebook Group : https://web.facebook.com/groups/292572831468911/

Website Url : https://crazyfansofnovel.com

شکریہ

انتظامیہ کریزی فینز آف ناول!!!!!!


Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

# ❤وجدان_محبت❤

## رائٹر

## پاکیزہ_طیبہ



محبت سے ہوتی ہے ابتدا زندگی کی
چلی ائی ہے شروع سے یہ ریت
کیویک محبت وجدان ہے

مسکراہٹوں کے اس سفر میں
چلتی ہے سانسوں کے ساتھ
کیویک محبت وجدان ہے

لاتی ہے پستی سے بلندی پر




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تو بلندی سے پستی پر بھی لا سکتی ہے

کیویک محبت وجدان ہے



انے نہیں دیتی محبت میں انا

قربانیوں کا سیکھا دیتی ہے ہنر

کیویک محبت وجدان ہے

غم زیست کی ہوتی ہے تکمیل محدود

بکھڑ جاتے ہیں مسرتوں کے چراغ

کیویک محبت وجدان ہے

زندگی میں لاتی ہے ابرش

ہوتی ہے عُفہ محبت میں

کیویک محبت وجدان ہے




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہماری ریاضتیں ہماری عبادتیں

بنا دیتی ہے دعاؤں کا محور

کیویک محبت وجدان ہے

ہوتی ہے جب انتہا سے ابتدا

رہتی ہے محبت ازل سے ابد تک.

کیویک مجبت وجدان ہے

دنیا سے بگانہ گھپ اندھیرا کیے کرسی کی پشت سے سر ٹیکائے وہ انکھیں موندیں بیٹھا تھا..اور اپنی ہی دنیا میں کھویا ہوا تھا. تبھی اُس کا فون بجنے لگا تھا..تو سوچوں کا تسلسل ٹوٹا..

اُس نے تھکے ہوئے انداز میں فون ریسیو کیا تھا..

" جی مام اسلام علیکم"




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" وعلیکم اسلام"

کہاں ہو بیٹا... ؟؟" حرا کے سسرال والے رسم کرنے کے " لئے پہنچنے والے ہیں اور آپ ابھی تک افس سے نہیں ائے....



شفق بیگم نے لہجے میں فکر مندی سموئے اپنے بیٹے سے پوچھا تھا

..مام بس نکلنے لگا ہوں... کام میں ذیہن سے ہی نکل گیا تھا

...آب بتائیں..کچھ منگوانا تو نہیں

اپنی سوچوں سے نکلو تو کچھ اور یاد رہے.. کام کا تو بہانا ہے..

کچھ نہیں چاہئے. بس وقت پر اپنی بہن کے سر پر پیار " دینے پہنچ جانا"

..مام ناراض تو نہ ہوں..ا رہا ہوں

وہ بے بسی سے بولا تھا.. اُس کی ماں سب جانتی تھی. پھر بھی یہ سب کہہ رہی تھیں..



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat| By Pakezza Tayyaba (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں میں تم سے ناراض نہنں ہوں میری جان.. بس ماں ہوں تمہاری فکر رہتی ہے ہر وقت..



شفق بیگم افسرودگی سے بولیں تو عاقب کے ہونٹوں پر پھیکی سی مسکراہٹ ا کر معدم ہوگئ تھی..

اچھا چلیں آپ تیاری کریں. میں بیس منٹ میں آپ کے سامنے ہوں گا..

"اللہ حافظ"

عاقب نے کہہ کر فون بند کر دیا اور ہارے ہوئے انسان کی طرح کھڑا ہوا..

(دیکھ لو تمہیں سوچنے پر بھی اب تو لوگ پابندیاں لگانا چاہ رہے ہیں.. لیکن میں ایسا ہونے نہیں دوں گا..تم ایک انچ بھی میرے دل سے نہیں نکل سکتی.)

عاقب سوچتے ہوئے کیبن سے باہر نکلا تو سارا سٹاف جا چکا تھا..سارا ہال سائیں سائیں کر رہا تھا.. وہ بھی خاموشی سے لفٹ کی طرف بڑھا..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..گھر پہنچا تو ہر طرف افراتفری کا الم تھا

!!.....شکر ہے آپ ا گئے بھائ

ورنہ مام نے تو مجھے ادھا کیا پورا سرونٹ بنا ہی دیا ہے.. ..اب باقی کے کام آپ کریں گے

حارث خود کو اطمینان دلاتے

صوفےپر گیرنے کے انداز میں بیٹھے خوشی سے بولا اور عاقب نے زبردستی کی مسکراہٹ ہونٹوں پر سجا لی جو کہ مصنوعی تھی.. صرف سب گھر والوں کو مطعمین رکھنے ..کے لئے..اندر سے تو وہ کھوکھلا ہی تھا

..حارث میرے شیر"سب کام ہو گئے ہیں"

شاہد ملک صاحب نے نارمل انداز میں کہا تو حارث حیرت ..زدہ سا اپنے باپ کو دیکھنے لگا

..مطلب ڈیڈ.....مام نے سب کام مجھ سے کروائے

جسے میں اُن کا بیٹا نہیں سرونٹ ہوں..سارے کام میں نے کروائے.. ہماری حرا ملکہ عالیہ جو کہ "نایاب ہیرا" ہیں اُن .کے ادھی بہنوں والے کام میں نے کروائے




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حارث صدمے سے بول رہا تھا.

کروائے ہیں کیے تو نہیں ناں.."الفاظ پر توجہ دو"..

شفق بیگم اپنا ڈوبتا درست کرتے ہوئے صوفے پر بیٹھتے ہوئے لاپرواہی سے بولیں تو عاقب اور شاہد ملک صاحب اپنا قہقہ نہ روک پائے.

عاقب میری جان آپ فریش ہو کر اؤ...

شفق بیگم حارث کو نظر انداز کرتیں عاقب کو پیار سے دیکھتے بولیں..

جی مام میں حرا سے مل کر فریش ہو کر اتا ہوں.. پھر جو کام حارث نے نہیں کروائے وہ میں کروا دیتا ہوں..

عاقب کہہ کر اوپر کی طرف بڑھ گیا.. البتہ حارث کو انکھ مارنا نہ بھولا تھا..

اچھا وہ میری جان.. اور میں شیر..

واہ واہ واہ..

کیا انصاف ہے آپ کا مام..

"میں جان نہیں جانور ہوں...؟؟"




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حارث بڑی عورتوں کی طرح ایک ہاتھ کمر پر رکھتے ابرو اچکاتے بولا..

".تم چھوٹے ہو"

اسی لئے سارے کام تم سے کرواتی ہوں..

اب جاؤ تم بھی حلیہ درست کر کے او.. مہمان انے والے ہیں..اس حلیے میں اُن سے ملو گے تو وہ تمہے حرا کا بھائ کم سرونٹ زیادہ ہی سمجھیں گے

شفق بیگم اُس کی ایکٹینگ سمجھتی تھی اس لئے لاپرواہی ظاہر کرتے بولیں..

"..میں آپ کا سگا بیٹا ہوں ہی نہیں"

حارث جاتے ہوئے خفگی سے کہنا نہ بھولا تھا.

"سب تیاری ہو گئ ہے..؟؟؟"

جی شاہد سب ہو گیا ہے..

چلو میں فون کر کے پوچھتا ہوں.کب تک نکلیں گے وہ لوگ..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہد صاحب فون پر نمبر ملاتے ہوئے بولے تو شفق بیگم اُٹھ کر کیچن کی طرف چل دیں..



عاقب حرا سے مل کر اپنے کمرے میں ا گیا اور تھکے ہوئے انداز میں بیڈ پر چت گیرا..اور ایک لمبی سانس خارج کرتے انکھیں موند لیں.جب بھی وہ اکیلا ہوتا تو آنکھیں بند کر لیتا تھا.کتنی ہی دیر وہ ایسے ہی لیٹا اپنے آپ کو پُرسکون کرتا رہا.. پھر مہمانوں کے انے کی اواز اُس کے کانوں میں پڑی تو وہ بے زاری سے اُٹھتا فریش ہونے چل دیا..

(شاہد ملک صاحب کے دو بیٹے عاقب, حارث اور اکلوتی بیٹی حرا تھی.. حرا کی شادی شاہد صاحب کے دوست سرمد ابراہیم کے بیٹے سے ہونے والی تھی.سرمد ملک کے دو ہی بیٹے تھے.یاسر اور یاور..یاسر کی شادی کو سات سال ہو گئے تھے اور اب یاور کی باری تھی جو حال ہی میں باہر سے ایم_بی_بی_اس کر کے آیا تھا سرمد صاحب کی اہلیہ مسرت بیگم کافی عرصہ پہلے ہی وفات پا گئ تھیں..)




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بس انکل کیا بتاو آپ کو.. یہ بیگم صاحبہ تیار ہونے میں بہت وقت لگاتی ہیں.. اج بھی بس ہاتھ جوڑنے کی کثر رہ گئ تھی. آپ کے فون کا بتایا تو تب ہی کمرے سے نکلی تھیں..

یاسر بے چارگی سے لیٹ انے کی وجہ بتا رہا تھا اور شاہد صاحب اُس کی باتیں سن کر مسکرا رہے تھے..

انکل انٹی ایسی بات نہیں ہے یہ خود تو ریڈی ہو کر ٹانگ پر ٹانگ چڑھا کر بیٹھ گئے تھے.ڈیڈی کے ساتھ...مجھے بچوں کو ریڈی کرنا ہوتا.. پھر خود ہونا ہوتا ہے..لیکن مرد ہمیشہ عورت میں ہی خرابیاں نکالتے ہیں..

ایمان نے ٹھیک ٹھاک یاسر کو انکھیں دیکھاتے کہا.

کوئ بات نہیں بچوں آپ دونوں صفائیاں کیوں دے رہے ہو..

شاہد صاحب مسکراہٹ ضبط کرتے ہوئے بولے. اور اپنے دوست سے باتوں میں لگ گئے..

انٹی حرا کو بُلا لیں اور یہ حارث بھی نظر نہیں ا رہا.. ؟

ایمان یاور کی بے چینی بھانپتے ہوئے بولی تھی.




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایمان بیٹا وہ حرا کے ساتھ ہے حرا کو لے کر ہی ائے گا..
اُس کی بہن نہیں ہے نہ کوئ تو..اج وہ اُس کا ادھا بھائ اور ادھی بہن بنا ہوا ہے..

شفق بیگم نے مسکراتے ہوئے بتایا تو سب ہی مسکرا دیے..

عاقب شرٹ کے بازو فولڈ کرتا نیچے ا رہا تھا کہ یاور کی نظر اُس پر پڑ گئ جو جب سے ایا تھا خاموش ہی بیٹھا ہوا تھا اور اُس کا دھیان سیڑھیوں کی ہی طرف تھا جہاں سے حرا نے انا تھا. لیکن عاقب کو اتے دیکھ کر اسے خوشگوار حیرت ہوئ تھی

"ارے عاقب بھائ... آپ کسے ہیں.. ؟؟"

فائنلی آپ سے ملاقات ہو ہی گئ

وہ کھڑا ہوتا گرمجوشی سے ملا تھا.. باقی بھی سب عاقب کو دیکھ کر بہت خوش ہوئے تھے.

عاقب یہ ہے میری وائف ایمان.. اور ایمان یہ ہے میرا بہت ہی اچھا دوست..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یاسر نے عاقب سے مل کر دونوں کا تعارف کروایا تھا.
تبھی بچے شور کرتے بھاگتے ہوئے لاونچ میں ائے تھے اور ایک بچہ عاقب سے ٹکرا گیا تھا.. بچے کے مٹی سے گندے ہاتھ عاقب کی پینٹ خراب کر گئے تھے..



عاقب غصے میں اُسے خود سے دور کرنے لگا کہ اُس کا معصوم چہرہ دیکھ کر وہیں رُک گیا.

Sorry Bhai...

I'm extremely sorry

ایمان نے بچوں کو غصے سے گھورتے فوری عاقب سے معذرت کی..

"خالہ جانی آپ سوری کیوں کہہ رہی ہیں ؟؟"

"غلطی تو میری ہے..!!"

میری نوری کہتی ہیں اگر آپ نے کوئ غلطی کی ہے تو اُسے اسیپٹ کرو اور معافی مانگو. اس سے "اللہ تعالیٰ" خوش ہوتے ہیں اور ڈھیر سارا ثواب دیتے ہیں. معافی




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مانگنیں سے کوئ انسان چھوٹا نہیں ہو جاتا.. بلکہ اللہ کی نظروں میں مقام بلند ہوتا ہے اور غلطیاں کر کر کے ہی انسان سیکھتا ہے. ہم اپنی غلطی پر معافی مانگنا سیکھیں گے تو ہی بڑے ہو کر کامیاب انسان بنیں گے ناں..سوری انکل غلطی میری ہے.. مجھے دھیان سے چلنا چاہئے تھا..ورنہ آپ کے کپڑے نہ گندے ہوتے. بندہ بشر ہوں غلطی ہو ہی جاتی ہے..اپ پلیز سوری اسیپٹ کر لیں.

وہ بچہ اتنی معصومیت سے بول رہا تھا کہ وہاں بیٹھے سب کو ہی اُس پر پیار ا رہا تھا. اور عاقب بس اُسے دیکھے جا رہا تھا..

یہ ایمان کا بھانجا ہے..

سرمد نے بتایا تو شاہد صاحب اور شفق بیگم نے مسکراتے ہوئے سر ہلانے پر اکتفا کیا..

انکل لگتا ہے آپ کا مجھے ڈانٹنے کا ارادہ ہے.

نہیں بیٹا اٹس اوکے..


Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عاقب نے اُس کے بالوں میں ہاتھ پھیرتے بال خراب کرتے کہا. چلو میں آپ کے ہاتھ دھلوا دوں.اور اپنے کپڑے بھی صاف کر لوں..

عاقب نے بچے کا ہاتھ پکڑتے کہا اور شفق بیگم کو دھو کر اتے ہیں کا اشارہ کر کے اوپر اپنے کمرے کی طرف چل دیا..

ما شا ء اللہ بہت پیارا بھانجا ہے تمہارا.. اور باتیں کتنی اچھی کرتا ہے.

شفق بیگم نے نرم لہجے میں کہا تو ایمان مسکرا کر اپنے بچوں کو دیکھنے لگ گئ.

ماما بس وہ ہم دونوں پر مٹی پھینکنے لگا تھا تو ہم اندر بھاگ ائے.

ایمان اپنی بہن کو بھی لے اتی.اُس کا ذکر ہی سُنا ہے. کبھی ملے ہی نہیں

نہیں انٹی وہ مصروف ہوتی ہے. میری طرف بھی کم ہی اتی ہے.. ایمان نظریں چُراتی بولی.




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھوڑی دیر بعد حارث حرا کو شہزادیوں کی طرح نیچے لے کر ایا...بوٹل گرین کلر کی کلیوں والی فراک پہنے ہلکا سا میک اپ کیے جاذب شکل و صورت والی وہ بہت خوبصورت لگ رہی تھی. انگوٹھی پہنانے کی رسم کے بعد شادی کی ڈیٹ فائینل کرنے پر بحث شروع ہو چکی تھی جس میں حارث اور یاسر اگے اگے تھے.

اوہو انکل آپ کے بھی ہاتھ گندے ہو گئے ہیں..

کوئ بات نہیں بیٹا...

"آپ یہ بتائیں اس پرنس کا نام کیا ہے.. ؟؟"

عاقب اپنے اور اُس کے گیلے ہاتھ تولیے سے صاف کرتے بولا.

آپ پرنس کے میں پرنس.. ؟

پہلے یہ تو بتا دیں...!

اُس نے سوچنے کی ایکٹینگ کرتے پوچھا.

"اوفکورس آپ لٹل پرنس"




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..عاقب اُس کی ناک کھنچتے بولا تو بچہ کھکھلا کر ہنس دیا

" اس پرنس کا نام عبید اللہ ہے لیکن سب عابی بُلاتے ہیں"

"اب اس پرنس کا کیا نیم ہے.. ؟؟"

عابی نے عاقب کی طرف انگلی کرتے پوچھا

.ہمممممم... میرا نام عاقب ہے

"ویسے یہ کس نے سیکھای ہے "سوری کی ڈیفینیشن

عاقب واشروم سے باہر نکلتا بہت فرینکلی عابی سے باتیں کر رہا تھا

"میری نوری نے"

.عابی نے فخر سے بتایا تھا

لٹل پرنس مجھے بھی کسی نے یہ ہی سمجھائ تھی سوری کی ڈیفینیشن.

.عاقب خیالوں میں ڈوبتے بولا

آپ اگر اپنی غلطی مان کر معافی مانگ لیں گے تو اس سے ( آپ کی عزت کم ہونے کی بجائے دوسروں کی نظروں میں



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat| By Pakezza Tayyaba (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بڑھے گی ہی..اج اپ یہ چھوٹی سی غلطی اسیپٹ کریں گے تو کل کو بڑی غلطیاں نہیں کر پائیں گے. تبھی ہی کامیابی آپ کے قدم چومے گی سر)



سوچتے ہوئے خودباخود عاقب کے ہونٹوں پر تبسم بکھر رہا تھا.

"انکل کس کو یاد کر کے مسکرا رہے ہیں.. ؟؟"

عابی بڑی عورتوں کی طرح بولا تو عاقب کی مسکراہٹ گہری ہو گئ..

"یار تم اتنے کیوٹ کیوں ہو... ؟؟"

کیویک میری نوری کیوٹ ہیں.

جھٹ جواب ایا تھا..

لیکن میری والی سے کم کیوٹ ہو گی

عاقب نے بھی فوری کہا..

نہیں میری نوری سے زیادہ کوئ کیوٹ ہو ہی نہیں سکتا... نہ نہ نہ.....




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عابی نہ میں گردن ہلانے لگ گیا جس کی وجہ سے اس کے گال مزید لال ہو گئے..اور عاقب کو بہت کچھ یاد کرنے پر مجبور کر گئے تھے...

یاسر عابی ابھی تک نہیں ایا..

ایمان عاقب کے ساتھ ہے ا جائے گا..

یاسر نے لاپرواہی سے کہا تو ایمان پہلو بدل کر رہ گئ. وہ اپنی بے چینی یاسر پر عیاں نہیں کرنا چاہتی تھی.

یاسر آپ سمجھ نہیں رہے.. عابی کو اتنی دیر...عابی کسی غیر کے ساتھ ہے.. آپ کو اُس کی ماں کا تو پتہ ہے ناں..

ایمان نے دبی اواز میں باور کروایا تو یاسر جھنجھلا کر اُٹھا.

وہ بھی ایسی ہی تھی جب اُسے غصہ اتا تھا اُس کا ری ایکشن بلکل ایسا ہوتا تھا..

عاقب عابی کو دیکھتے سوچ ہی رہا تھا کہ ڈور ناک ہونے کی اواز پر ہوش میں ایا..البتہ عابی کمرے کا جائزہ لینے میں مصروف تھا.




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یار عاقب تم تو ہمارے عابی پر قبضہ کر کے ہی بیٹھ گئے ہو..

یاسر اندر اتے بولا..

ارے خالو ہم تو انٹروڈیکشن کروا رہے تھے ایک دوسرے کو..

عابی سر پر ہاتھ مارتے بتانے لگا..

ا جاؤ نیچے.. ورنہ تمہاری ماں نے ہماری کیا ان کی نسلوں کا انٹروڈیکشن لینے ا جانا..

"خالو آپ میری نوری سے اتنا ڈرتے کیوں ہیں.. ؟؟"

" ڈیول کے بچے تُو تو جسے ڈرتا ہی نہیں"

بیٹا نیچے چل..!

عاقب تم بھی پار ا ہی جاؤ..

یاسر کہہ کر عابی کا ہاتھ پکڑ کر باہر نکلنے لگا تو اُس کا فون بجنے لگا..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یاسر نے فون نکال کر دیکھا تو اسکرین پر مانو کا نام جگمگاہ رہا تھا..

...ا گیا ناں تمہاری ماں کا فون

عاقب نے دروازہ بند ہونے سے پہلے یاسر کی آواز سنی تھی.

!! ...اسلام علیکم بھائ

!!...وعلیکم اسلام

ابھی تمہارے بیٹے کو تمہارا ڈراوا دے رہا تھا.. سُنتا ہی نہیں ہے کسی کی..

عابی اچکتے ہوئے فون پکڑنے کی کوشش کر رہا تھا لیکن یاسر اپنی ہی ہانک رہا تھا.

اچھا بھائ اپی کہاں ہیں.. ؟؟"آپ لوگ کب تک فارغ ہوں " گئے.. ؟؟

ایمان نیچے ہے اور یہ تھوڑی سی عابی سے بات کر لو پھر میں ایمان سے کرواتا ہوں..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..یہ لے "معصوم ڈیول" بات کر کے خالہ کو فون دے دینا

یاسر عابی کو فون پکڑا کر حارث لوگوں کی طرف بڑھ گیا

یاور بھائ ہم یہ "نایاب ہیرا"اپ کے سپرد کرنے والے ہیں..
یاد رکھیں پھر سے بتا رہا ہوں "نایاب ہیرا"ایک مہینے بعد
..آپ کے حوالے ہو گا

حارث آنکھوں میں شرارت لئے نایاب ہیرے پر زور دیتے
بول رہا تھا اور حرا صبر کے گھونٹ پی کر رہ گئ تھی
اپنے نکمے بھائ کی حرکتیں دیکھ کر

ویسے یہ ہیرا کسی کام کا نہیں ہے..یہ پیتل کا ہیرا ہے
..سونے کا نہیں

حرا نے گھور کر حارث کو دیکھا اور دل میں اچھی کھاسی
..صلواتیں سُنا کر اپنے آپ کو مطعمین کیا

بھابی آپ بھی اس نایاب ہیرے کی قدر کریں گی

تم سے زیادہ ہی کریں گے.. کب سے دیکھ رہی ہوں میری
دیورانی کو تنگ کر رہے.. سیکھ لے گی سب شادی کے
..بعد




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خالہ جانی مم سے بات کر لیں.

ایمان حرا کے حق میں بول ہی رہی تھی کہ عابی نے فون بڑھاتے ہوئے بات کرنے کا کہا تو ایمان اکسکیوز کرتی اٹھ کر سائیڈ پر چلی گئی.

واہ قسمت والی ہو اچھی جٹھانی ملی ہے تمہے میری بہنا..

حارث حرا کے سر پر پیار دیتے بولا تھا.

"ہاں سحر "کسی ہو.. ؟

اپی میں ٹھیک ہوں..

"عابی تنگ تو نہیں کر رہا..؟؟"

سحر عابی کیوں تنگ کرے گا.. ؟وہ بہت اینجوائے کر رہا ہے.. اُسے کرنے دو.

ایمان کی بات سن کر سحر لب بھینچ گئ.

سحر وہ بلکل نارمل ہے. اُسے عام بچوں کی طرح جینے دو..

اپی ایسی بات نہیں ہے..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بس کل آپ اُسے چھوڑ جائیں.. اتنے دن رہ لیا کافی ہے.



سحر جھنجھلا کر بولی تھی.

میں تو تمہے بُلانا چاہ رہی تھی شادی کی تیاریوں میں ہیلپ کروا دینا.. اور حرا سے بھی مل لینا.

نہیں اپی مجھے لاہور نہیں انا.. میں مری میں ہی ٹھیک ہوں..آپ کو جو تیاری کروانی ہے میں یہیں سے کر دوں گی.اپ کل عابی کو بھجوا دیں.. مجھے فکر ہو رہی ہے.. جسے کوئ اُسے مجھ سے چھین لے گا..

سحر اخر میں فکر مندی سے بولی..

اچھا ٹھیک ہے میری ماں.. جانتی ہوں. سُنی تو کسی کی بھی نہیں تم نے.. بھجوا دوں گی عابی کو واپس.. گھر جا کر ارام سے بات کروں گی.

چلیں ٹھیک ہے عابی کا خیال رکھیے گا..

جی بلکل ہم اُس کا خیال رکھیں گے وہ چاہیے سب کا جینا حرام کر دے.. ڈیول نہ ہو تو...




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..اپی میرا عابی ایسا نہیں ہے

.سحر  فوری اپنے بیٹے کے حق میں بولی تھی

..جی جی آپ ماں بیٹا ٹھیک ہیں. ہم ہی خراب ہیں بس

.ایمان نے جتاتے ہوئے کہا تو سحر  ہنس دی

"اچھا آپ جو کام کرنے ائیں ہیں وہ کریں.. "اللہ حافظ

سحر نے کہہ کر فون بند کر دیا.اور فون کی گلیری میں عابی کی تصویریں دیکھنے لگ گئ.

کسے سمجھیں گی آپ اپی عابی کے بغیر آپ کی بہن سانس نہیں لے پاتی. یہ دن بھی میں نے بہت مشکلوں سے گزاریں ہیں صرف عابی کی خاطر وہ اپنی لائف اینجوائے کرے گھومے پھیرے.. میری طرح گھر میں بند نہ رہے.. میں اُسے زندگی میں کسی چیز کی کمی نہیں محسوس کروانا چاہتی.. بس ایک کمی کا خلا رہے گا" وہ ہے باپ کی کمی" جو میں کبھی پوری نہیں کر سکتی.. "اللہ آپ نے زندگی گزارنے کے لئے کتنا اچھا تحفہ دیا ہے مجھے عابی کی




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صورت میں. اولاد ایسی نعمت ہے جوہر دکھ کی بھرپائ کر دیتی ہے"



سحر چھت کو دیکھتے افسرودگی سے سوچ رہی تھی.

"سحرو کیا کر رہی ہو.. ؟؟"

کچھ نہیں ا جاؤ بیٹھو..

سحر نے اپنے چہرہ نارمل کرتے کہا.

انس اندر ا کر سحر کے کندھے پر سر رکھ کر بیٹھ گیا..

یار اج بہت تھک گیا ہوں..کھانا دے دو..

ڈرامے باز تم کونسا گاڑی کے پیچھے بھاگ کر ائے ہو جو اسے بول رہے..

سحر اٹھتے ہوئے بولی

"خدا ایسی بے حس بہن کسی کو نہ دے"

" امین"




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سحر انس کو چراتے ہوئے امین بول کر کیچن کی طرف ہو لی..

کچھ اچھا سا ہی لے کر انا..

انس تھوڑا اونچی اواز میں بول کر صوفے پر ہی پاؤں پسار کر لیٹ گیا

"تم واپس کب جا رہے ہو سعودیہ...؟؟"

سحر کھانا ٹیبل پر رکھتے پوچھ رہی تھی.

جب تم مان جاؤ گی ساتھ چلنے کے لئے..

انس پھر سے بحث نہ شروع کر دینا.. اپنی جوب خراب مت کرو واپس چلے جاؤ.. چھ مہنے ہو گئے ہیں یہاں بیٹھے ہوئے ہو..

سحرو تم ضدی ہو تو میں بھی تمہارا ہی بھائ ہوں.. میں تمہے اکیلا چھوڑ کر نہیں جا سکتا..

( ایمان سحر اور انس تینوں بہن بھائ تھے. ان کے ماں باپ ایک کار ایکسیڈینت میں فوت ہو گئے تھے. تب سے یہ ایک دوسرے کا سہارا بنے ہوئے تھے.)




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...اپی ہیں ناں

"کیوں فکر کرتے ہو میری.. ؟"

سحر نے پھر سے سمجھانا چاہا. اپی اپنے گھر میں ہوتی ہیں. ہمارے گھر میں نہیں..

انس کھانا کھاتے ہوئے بول رہا تھا.

"ڈھیت انسان"

سحر تلملا کر بول کر اٹھ گئ

" ..سیم ٹو یو بہنا"

انس اُسے اور زچ کرنا نہ بھولا تھا

عاقب نیچے اتا ایمان کی فون پر کسی سے کی جانے والی باتیں سن چکا تھا. اُس کا موڈ اج معمول سے ہٹ کر خوشگوار ہو رہا تھا. اب بھی ایسا ہی ہوا تھا...اُس کا دل دوبارہ عابی سے باتیں کرنے کو چاہ رہا تھا.جو یاور کے ساتھ بیٹھا اُس کے موبائل میں گیم کھیل رہا تھا.

..یاسر چلیں بچوں کو نیند ا رہی ہے

..ہاں بیی اب چلتے ہیں کافی وقت ہو گیا ہے




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سرمد صاحب اُٹھتے ہوئے بولے...یاسر اور یاور نے بھی اُن کی پیروی کی..

فون کروں گا رات میں..

یاور حرا کے نزدیک ہوتا اُس کا ہاتھ دباتے دبی اواز میں بولا.

خالو کے الو رات تو ہو گئ ہے فون کب کرنا ہے.. ؟؟یہ تو میرے پاس ہے.

عابی معصوم شکل بنائے پوچھ رہا تھا. وہ یاور کی باتیں سن جو چکا تھا تو اپنے ذیہن میں ائ بات کہنی تو تھی ہی

عابی کی بات سن کر سب کے ہونٹوں پر دبی دبی مسکراہٹ ا گئ اور ایمان سوچ رہی تھی میری بہن اس شیطان کو اتنا معصوم سمجھ کر بہت بڑی غلطی کر رہے ہے..

حرا منہ جھکائے سیڑھیوں کی طرف بڑھ گئ اور یاور اکتا کر یاسر کو دیکھنے لگا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اوئے شیطان کے چیلے بڑے ہو جا پھر سمجھائیں گے تجھے..یہ بڑوں کی باتیں ہیں..



اچھا چلیں.. اب مجھے نیند ا رہی ہے..

عابی جمائ لیتے ہوئے بولا..تو تینوں لاونچ سے نکل ائے.. باقی سب پہلے ہی باہر نکل چُکے تھے.

اچھا بیٹا اپنی بہن اور اُس کے ہزبینڈ کو بھی لے کر انا کبھی..

ہماری طرف سے خاص دعوت ہی سمجھ لو..اتنا پیارا بیٹا ہے ما شا ء اللہ اس کا تو وہ خود بھی کتنے اچھے ہو گے..ہم بھی ملنا چاہئے گے

شفق بیگم عابی کو پیار کرتے ہوئے بولیں.

جی انٹی کوشش کروں گی..وعدہ نہیں کر سکتی.

ایمان لرکھڑاتی ہوئ زبان میں بولی.

مم اور میں ضرور ائیں گے بڑی انٹی.

ہاں بیٹا اور اپنے بابا کو بھی لانا..



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat| By Pakezza Tayyaba (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایمان نے شفق بیگم کی بات سن کر بے بسی سے یاسر کی طرف دیکھا.



یہ منظر کسی اور نے بھی دیکھا تھا اور سمجھنے کی کوشش کر رہا تھا کہ ایمان ایسے کیوں بے ہیو کر رہی ہے..

"میرے ڈیڈا ہمارے ساتھ نہیں رہتے. وہ ہیں. لیکن میرے پاس نہیں ہیں"

عابی نے پورے اعتماد سے بتایا تھا

دراصل انٹی اُن کے علیدگی ہو گئ ہے

یاسر اگے بڑھ کر بولا تو شفق بیگم خاموش ہو گئیں..

سرمد صاحب شاہد صاحب سے باتوں میں مصروف تھے اس لئے انہوں نے ادھر دھیان نہیں دیا..

آپ اپنی مم کو لے کر انا.

شفق بیگم عابی کے اعتماد پر نہال ہوتے بولیں..

"بائے پرنس"




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عابی شفق بیگم سے مل کر گاڑی میں بیٹھتے ہوئے عاقب سے بولا تو عاقب ہنس دیا..



"بائے لٹل پرنس"

حارث عاقب کے لئے پرنس کا خطاب سن کر جل بھن گیا..

مہمانوں کو سی اوف کر کے چاروں اندر ا گئے

بھائی آپ پرنس کب بنیں.. ؟؟

میں بنا بنایا پرنس ہوں..

عاقب نے حارث کو مزید چرایا..

کتنا معصوم بچہ تھا دل کر رہا تھا اپنے پاس ہی رکھ لوں..

ماما وہ معصوم ڈیول ہے.. کسی خوشفہمی میں مت رہیے گا.. ہم سب کا باپ ہے.. نا جانے اُس کا باپ کتنا بڑا ڈیول ہو گا جو یہ مکس معصوم ڈیول بن کر اس دنیا میں ایا ہے..

حارث ٹانگیں ٹیبل پر رکھتے ریلکس انداز میں بول رہا تھا..



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat| By Pakezza Tayyaba (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عاقب کھانا لگوا دوں... ؟؟

مہمانوں کے ساتھ بھی نہیں کھایا..

نہیں مام بھوک نہیں ہے.. بس اب سونا چاہتا ہوں.

میں بھی سونے جا رہا ہوں..

حارث بھی کہتے ہوئے کھڑا ہوا. چلو میں ذرا حرا کو دیکھ لوں پھر..

شفق بیگم کہتے ہوئے حرا کے کمرے کی طرف چلی گئیں..

یاسر صبح عابی کو چھوڑ ائیں گے یا میں انس سے کہوں.. ؟

یار رہنے دو ناں کچھ دن.. بچوں کو اینجوائے کرنے دو..

یاسر نے لیٹتے ہوئے کہا

سحر نے کہا تھا..

اچھا چھوڑ ائیں گے صبح .. تم بھی ساتھ چلنا.




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یاسر جانتا تھا سحر عابی کو کبھی اتنے دن تک یہاں نہیں چھوڑتی تھی. اس لئے بنا کسی بحث کے بات ختم کر دی..

اور ایمان سوچ رہی تھی اُسے سحر سے فائنلی بات کرنی چاہیے

..یاہو.......میں گھر جا رہا ہوں

عابی خوشی سے جھومتے ہوئے مین ڈور کی طرف ا رہا تھا کہ پھر سے عاقب سے تکڑاو ہو گیا..

...اوپس.... سو سوری پرنس

..عابی اپنا ماتھا سہلاتے بولا

...کوئ بات نہیں.. لٹل پرنس

"زیادہ تو نہیں لگی.. ؟"

...ارے نہیں یہ چھوٹی چھوٹی چوٹیں کیا کر لیں گی میرا

..عابی لاپرواہی سے بولا تو عاقب ایک دم سے ٹھنکا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ چھوٹی چھوٹی چوٹیں کیا کر لیں گی میرا... ذرا سا کٹ )
ہے.. کونسا ایک کلو خون بہہ گیا ہے.. آپ خوامخواہ پریشان
(ہو رہیں ہیں



عاقب کے ذیہن میں فوری کلک ہوا..تو وہ عابی کو غور
سے دیکھنے لگ گیا..

..)

????

ہاں ہاں بس نکل رہے ہیں سحر.. .تمہارے عابی کو با
حفاظت پہنچا دیں گے.

ارے یار تم کب ائے... ؟؟

یاسر باہر اتا فون پر بات کرتا اچانک عاقب کو وہاں دیکھ کر
حیرانگی اور گرمجوشی سے بولا..

" ...اچھا سحر ہم ا رہے ہیں... اوکے بائے"

یاسر نے کہہ کر فون بند کیا اور عاقب کی طرف متوجہ ہوا..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بس پانچ منٹ پہلے ایا ہوں یار مام نے میٹھائ بجھوائ ہے..
انکل گھر پر ہی ہیں..؟

!...ہاں ڈیڈ اندر ہیں... ا جاؤ

نہیں.. تم لوگ کہیں جا رہے ہو... جاؤ.... مجھے بھی افس کے لئے دیر ہو رہی.. میں نکلتا ہوں... یہ انکل کو دے دینا... مام ڈیڈ نے خاص بجھوائ ہے..

عاقب جلد بازی میں کہہ کر واپس گاڑی کی طرف چل دیا..

تو یاسر کندھے اچکاتا میٹھائ کی ِٹوکری لے کر اندر چلا گیا..

ڈیول کے بچے"ا رہا ہوں..کوئ شرارت نہیں کرنی'..

یاسر کی بات سن کر عابی منہ کے زاویے بگاڑتے گاڑی میں بیٹھ گیا.. اُسے بہت جلدی تھی اپنی مم سے ملنے کی.

عینہ باس بُلا رہیں ہیں اپنے کیبن میں....

اوکے شیزہ...




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عینہ نے مصروف سے انداز میں کہا.. اور دو منٹ بعد وہ فائل لے کر کھڑی ہوئ.. پہلے اپنے ٹھیک حجاب کو مزید صیح کیا اور باس کے کیبن کی طرف چل دی..

ناک کر کے اجازت ملینے پر وہ معدب انداز میں چلتی ہوئ کرسی تک ائ..

سر یہ فائل ریڈی کر دی ہے.. اور آپ کی اج ڈینر پر عمار مرزا کے ساتھ میٹینگ ہے..

مس عینہ آپ بیٹھ کر بھی بتا سکتی ہیں..

" نو سر شکریہ.."

عینہ نے عام سے انداز میں کہا

اوکے جسے آپ کی مرضی...

شام میں آپ بھی میرے ساتھ میٹینگ میں چل رہی ہیں..

" اوکے سر..."

حمدان صاحب کو کال کر کے بتا دیں.. یہ ڈیل مجھے ہی ملنی چاہئے.....




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"جی سر "ان شا ء اللہ

...ٹھیک ہے پھر اکٹھے نکلتے ہیں.. اوکے سر

عینہ نے ایک نگاہ اُٹھا کر اپنے باس کو دیکھا جو لیپ ٹاپ پر نظریں جھکائے مصروف سے انداز میں لاپرواہی سے بات کر رہا تھا..

...جی سر میں جاؤں

مس عینہ آپ کو یہ پوچھنا نہیں چاہئے.. اگر کام اور بات ختم ہوئ تو اس کا مطلب آپ جا سکتی ہیں.. اس کے لئے میری اجازت درکار نہیں ہونی چاہئے..

..جی سر

عینہ بنا کسی تاثر کے کہہ کر کیبن سے نکل گئ..اُس کے چہرے پر ذرا سا بھی خفت نہیں تھی.. یا وہ اپنے جذبات کسی پر عیاں نہیں کر سکتی تھی..

دروازہ بند ہونے کی اواز سن کر اُس نے سر اُٹھا کر دیکھا پھر اپنے کام میں مصروف ہو گیا..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"مم..... مم..... نوری.... "کدھر ہو اپ... ؟؟

عابی لاونچ میں اتے ہی سحر کو اوازیں دینے لگ گیا تھا..
سحر مسکراتے ہوئے اپنے کمرے سے نکلی..

"اسلام علیکم نوری"

عابی سحر کے ساتھ لپٹتے ہوئے بولا..

"وعلیکم اسلام"

"کیسا ہے میرا عابی... ؟؟"

تمہارا عابی تو ٹھیک ہے.. ہمارے بچوں کا پوچھو...

یاسر انس کے ساتھ اندر اتے بولا..

سحر یاسر کی بات سن کر مسکرا دی اور اپنے بہن سے ملنے لگ گئ..

... ..بچوں کو بھی لے اتیں اپی

بس شام کو واپس چلے جانا... تو بچوں کو گھر ہی چھوڑ ائے..

چلیں پھر اپی آپ لوگ بیٹھیں.. میں چائے لاتی ہوں..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انس اور یاسر باتوں میں لگ گئے تھے.. تو ایمان بھی اُٹھ کر سحر کے پیچھے کیچن میں چلی گئ.. عابی پہلے ہی وہاں تھا..



عابی چلو کھیلو جا کر... اپنی نوری تھوڑی دیر کے لئے مجھے دے دو...

لے لیں خالا جانی... رہیں گیں تو میری ہی...

عابی منہ بسورتا ہوا کہہ کر چلا گیا.

سحر تم ا جاتی تو شادی کی تیاری میں تھوڑی مدد ہی ہو جاتی..

ایمان ہچکچاتے ہوئے بولی..

اپی میرا دل نہیں کرتا وہاں انے کو..

ایمان نے اپنی بہن کی بات سن کر اُسے گور سے دیکھا جس کا چہرہ ہر تاثر سے عاری تھا..

کب تک وہاں نہیں اؤں گی...

بھاگتے بھاگتے تھک جاؤ گی..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..میرے ساتھ عابی ہے... یہ مجھے تھکنے نہیں دے گا

..سحر نے کپوں میں چائے ڈالتے کہا

.سحر فخریہ لہجے میں بولی

یہ لیں آپ چائے لے کر جائیں... میں کھانے کی تیاری کر لوں... پھر یاسر بھائ جلدی جلدی مچائیں گے..

ایمان سحر کے ہاتھ سے چائے کی ٹرے لے کر اُسے گھوریوں سے نوازتے کیچن سے نکل گئ اور لاونچ میں ا کر ٹرے پٹختے ہوئے ٹیبل پر رکھی...اور خود صوفے پر ڈھنے کے انداز میں بیٹھی..

..ماحول خاصا گرم لگ رہا ہے

انس نے کپ یاسر کو پکڑاتے ہوئے کہا اور ایک کپ خود کے لئے اُٹھا کر ایمان کو ابرو اچکاتے دیکھا...

میں عابی کو لے کر گئ تھی کہ یہ پیچھے ا ہی جائے گی.. لیکن اس نے تڑلے منتے کر کے واپس بلوا لیا..کوئ عابی کو مجھ سے چھین لے گا بالاں بالاں... اور اب...



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat| By Pakezza Tayyaba (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

(اپی ہم دونوں کی دن میں کافی دفعہ ہو جاتی (بحث

انس افسردہ ہوتے بولا..

پتہ نہیں چاہتی کیا ہے...ساری زندگی گھٹ گھٹ کر چھپ کر تو نہیں گزرتی ناں...

ایمان دکھ سے افسوس کرتی بولی..

غلطی میری بھی ہے.. مجھے اکیلے چھوڑ کر نہیں جانا چاہئے تھا آپ دونوں کو..

انس کے چہرے پر ندامت واضح نظر ا رہی تھی..

یاسر لب بھنچے دونوں بہن بھائی کی گفتگو سُن رہا تھا..

غلطی تم دونوں کی ہے.. تم دونوں کو اُسے اُس کے حال پر نہیں چھوڑنا چاہئے تھا..

یاسر کچھ سوچتے ہوئے بولا..تو ایمان اور انس شرمندہ ہو گئے.

جب وہ ائ تھی جس حالت میں ائ تھی.. جاتے...اُس کے شوہر کے پاس... گریبان پکڑ کر پوچھتے.. لیکن "واللہ" ہماری سحر کی محبت... اج تک اُس شخص کا تم دونوں کو


Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نام تک نہیں بتایا.. اور تم دونوں نے کوشش بھی نہیں کی..
افسوس ہے تم دونوں پر... اب وہ جسے زندگی گزار رہی ہے... گزارنے دو... اب کوئ فائدہ نہیں ہے..

یاسر کی بات سن کر دونوں سر جھکا کر کپوں کو گھورنے لگ گئے تھے..

" چلیں مس عینہ... "

" جی سر... "

عینہ جلدی سے کمپیوٹر بند کرتی کھڑی ہوتے بولی..

وہ دونوں پارکینگ کی طرف جا ہی رہے تھے کہ دونوں نسوانی اواز سن کر پلٹے..

" ہائے سویٹ ہارٹ.. "

اووہ فاریہ کسی ہو...؟؟

میں ٹھیک سویٹ ہارٹ.. چلو اکٹھے چلتے ہیں...میں ڈینر کے لئے تمہے پک کرنے ائ ہوں..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..فاریہ نے عینہ کو نظر انداز کر کے کہا



سوری فاریہ مجھے ایک میٹینگ میں جانا ہے.. نیکسٹ ٹائم...!!

..او ہو میٹیگ میں اپنی اس ایمپلوئ کو بھیج دو ناں

فاریہ نے لاڈ سے کہا اور نخوست سےعینہ کو دیکھا.. عینہ اُسے ایک انکھ نہ بھاتی تھی.. جو اپنے آپ کو پورا کور کر کے رکھتی تھی.. حجاب سے اپنے بالوں کو بھی چھپایا ہوتا تھا.. بھوری گڑیا جسی انکھیں.. حد سے زیادہ سفید رنگ.. تیکھی ناک.. گلابی ہونٹ اور ہونٹوں کی اوپری جگہ پر تل.. جس کی کشش کسی کو بھی اپنی طرف کھینچ سکتی تھی.. پیروں تک پہنے میں جو میکسی سٹائل میں تھا وہ پری جسی تھی.. جو فاریہ کی انکھوں میں کھٹکتی تھی..فاریہ شاہد صاحب کے بزنس پارٹنر فیاض لغاری کی سب سے چھوٹی ..اور لاڈلی بیٹی ہے

..نو سویٹ ہارٹ.."ہم چل رہے ہیں"

میں نے ایک دفعہ کہہ دیا. نہیں تو نہیں... نیکسٹ ٹائم دیکھو ..گا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!...عینہ چلیں



"...عاقب"

فاریہ نے تلملاتے ہوئے کہا.. لیکن عاقب اُس کو اگنور کیے ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھا اور گاڑی زن سے فاریہ کے نزدیک سے نکال کر یہ جا وہ جا..

فاریہ تن فن کرتی گاڑی میں بیٹھی اور غصے میں فل سپیڈ پر گاڑی چلانے لگ گئ.. اج تک کسی نے اُسے انکار نہیں کیا تھا.. لیکن عاقب ہمیشہ اُسے رد کرتا تھا.. وہ پھر بھی ڈھیت بنی نئ انداز سے اُسے اپنی طرف مائل کرنے کی کوشش کرتی تھی..

عاقب بنا کسی تاثر کے ڈرائیو کر رہا تھا..اُس کو دیکھ لگتا تھا نہ وہ روڈ ہے نہ سوفٹ نیچر والا.. وہ الگ ہی نیچر کا تھا...اپنے کام سے کام رکھنے والا. لاپرواہ سا..

عینہ نے بغور اُسے دیکھا اور پھر خاموشی سے باہر کی طرف رُخ کر کے بیٹھ گئ..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...مام.... ماں....ماما

کیا ہو گیا... حارث بھائ.. "کیوں چیخ رہے ہیں. ؟؟"میرے کانوں کے پردے ہل گئے ہیں..

حرا سوالیہ انداز میں بے اُکتا کر بولی..

ہیروں کے کان بھی ہوتے ہیں... ؟؟

اور پردے تو کھڑکیوں کے اگے لگائے ہوتے ہیں..!

حارث صوفے پر گیرنے کے انداز میں بیٹھتے ہوئے سوچنے کی ایکٹینگ کرتا بولا..

بھائ......

حرا فوری چیخی..

مام آپ نے میرا نام حرا کیوں رکھا...

حرا نے شفق بیگم کو اتے دیکھ کر بے چارگی سے پوچھا..

کیویک تم دینا کی نایاب ترین انسان ہو..

شفق بیگم کے جواب دینے سے پہلے ہی حارث نے مزاخ اُڑانے کہا..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مام.....

حرا روہانسی ہو گئ تھی..

"حارث کیوں تنگ کر رہے ہو... ؟؟"

مام اب ہیرے کو تنگ بھی نہیں کر سکتے.. اچھا مجھے کھانا دے دیں بھوک لگی ہے.. آپ کے بیٹے نے افس میں بہت مشقت کروائ ہے..

اچھا کیا میرا بدلا میرے چارمنگ بھائ نے لے لیا..

حرا خوش ہوتے بولی تو حارث جل بھن گیا..

بھائ... "میری جان" "پرنس" اب "چارمنگ " بھی......

میں کس کیٹاگیری میں اتا ہوں... ؟؟

آپ مراسیوں کی کیٹاگیری میں ہیں..

حرا حارث کو چراتے ہوئے کہہ کر اٹھی اور اوپر کی طرف بھاگی..

مام... میں اسے چھوڑوں گا نہیں..

حارث پھرتی سے اُٹھا..اور حرا کے پیچھے بھاگا..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شفق بیگم بس دونوں کو دیکھ کر رہ گئیں تھیں.. ان دونوں کے دم سے ہی تو گھر میں رونق ہو جاتی تھی. ورنہ وہ سارا سارا دن گھر میں بولائ بولائ پھیرتی تھیں..



"مس عینہ میں چھوڑ دیتا ہوں.. "نو سر شکریہ."

میں چلی جاؤں گی..

عینہ نے نرمی سے کہا..

چلیں جسے آپ کی مرضی..

عاقب کہہ کر ہوٹل سے باہر نکل گیا.. تو عینہ بھی ہوٹل سے باہر نکل کر سڑک کے سائیڈ پر چلنے لگی.. اُسے چلنا بہت پسند تھا وہ اکثر افس سے واپسی پر واک کر کے اپنے فلیٹ تک اتی تھی.. اب بھی وہ سر جھکائے اپنے دھیان میں چل رہی تھی..یہ جانے بغیر کوئ اُس کا تعاقب کر رہا ہے..

فلیٹ کے سامنے پہنچ کر اُس نے ایک لمبی سانس ہوا کے سپرد کی اور چابی نکال کر دروازہ کھولا. پورا فلیٹ اندھیرے میں ڈوبا ہوا تھا..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!.....افففففف

..میں پھر بھول گئ

..عینہ سر پر ہاتھ مارتے بولی

روز سوچتی ہوں.. لاونچ کی لائیٹ جلا کر جاؤں گی.. پھر جاتے جاتے سب سوئچ بند کر جاتی..

.عینہ لائیٹ جلاتے بربرا رہی تھی

..ہائے میں نے صبح سے کچھ کھایا بھی نہیں

ایک تو یہ سر اتنا کام کرواتے ہیں.. اوپر سے اج تک تعریف نہیں کی.. اور بے عزت اتنے پیار سے کرتے ہیں جسے اگلا بندہ سمجھ ہی نہ پائے.. بے عزتی کر رہے ہیں یا سمجھا رہے ہیں.. اب بندہ پوچھے.. بلایا تھا تو جانے کے لئے بھی کہہ دینے میں کیا جاتا تھا.. لیکن یہ اُس جناب عالی کی شان کے خلاف تھا..

اب عینہ کی دُہایاں عروج پر تھیں.. وہ اپنے آپ کو اور دیواروں کو سُنا کر دل کی بھراس نکال رہی تھی.. سارا دن چپ چاپ رہنے والی لڑکی صرف اپنے آپ سے باتیں کرتی تھی..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور تو اور دوبارہ کہا ہی نہیں. کہ میں چھوڑ دیتا ہوں..بس لے کر جانا ہوتا.. شو مارنے کے لئے.. جسے میں جانتی ہی نہیں.. اُس فاریہ کو لے کر جاتے تو پتہ چلتا.. بات کرنے کی تو تمیز ہے نہیں اُس لڑکی کو...اۓ بڑی سر کو سویٹ ہارٹ کہنے والی.. جسے خود سویٹ کی فیکٹری ہو..

عینہ حجاب اتارتے صوفے پر بیٹھتے ہوئے بنا بریک کے بول رہی تھی..

چل عینہ اب کچھ کھا کر سو جا...

نہیں مجھے تو ابھی فائل بھی کمپلیٹ کرنی ہے.. ورنہ اُس نے اچھے سے سمجھانے والے انداز میں بے عزتی کرنی ہے.

عینہ دکھی لہجے میں خود کو ہی بتا رہی تھی.

اچھا ہے ناں...زیادہ تھکوں گی تو زیادہ اچھی نیند ائے گی. میری قسمت میں تو مشقت کرنا ہی لکھا ہے.

ڈیڈ...




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..مجھے عاقب شاہد سے شادی کرنی ہے

..فاریہ حکیمہ انداز میں بولی

..بیٹا ریلکس

..نو ڈیڈ

وہ ہر دفعہ میری انسلٹ کرتا ہے اُس حجابن کے سامنے ہی.. اب میں اُسے اپنا بنا کر چھوڑوں گی.. پھر وہ کہیں کا ..نہیں رہے گا

فاریہ طیش کے الم میں اپنے خیالات فیاض صاحب کے گوشوگوار کر رہی تھی.. اس وقت اُن باپ بیٹی کے علاوہ کمرے میں کوئ نہ تھا.. فیاض صاحب افسوس سے اپنی ..بیٹی کو دیکھ رہے تھے

" ..پانی پیو"

No dad..

I don't need water..

I just want to see him bent over in front of me...

...فاری میری جان




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کسی کے پیچھے بھاگا نہیں جاتا.. بھاگتے بھاگتے انسان خود تھکتا ہے.. دوسرے انسان کو تو کوئ فرق ہی نہیں پڑتا.. کیویک وہ اپنی زندگی میں تہرا ہوتا ہے.. محبت پیچھے بھاگنے سے نہیں ملتی.. برداشت کرنے سے ملتی ہے.. جھکانے سے نہیں.. جھکنے سے ملتی ہے..

فیاض صاحب نے اُسے سمجھاتے ہوئے کہا..

ڈیڈ آپ میری بات مانیں گے کہ نہیں... ؟

فاریہ اب بھی اپنی بات پر اڑی رہی..

اوکے میں شاہد سے بات کر کے دیکھتا ہوں..

پر یاد رہے.. اُس کے سامنے جھکوں گا نہیں.. صرف انڈریکٹلی بات کروں گا.. تمہارے اور عاقب کے رشتے کی.. اور مجھ سے کوئ امید نہ رکھنا..

فیاض صاحب نے بیٹی کے سامنے ہارتے ہوئے کہا تھا..

Ohh Thank you so much dad..

Now I feel relax..

آپ نے تو میرا موڈ فریش کر دیا..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فاریہ چھکتے ہوئے کمرے سے نکل گئی اور فیاض صاحب مشکل میں پڑ گئے تھے.. بیٹی کو سمجھانے کا کوئ فائدہ نہیں تھا.



کھانے کی ٹیبل پر سب خاموشی سے اپنی پلیٹوں پر جھکے ہوئے تھے.. صرف عابی ہی کوئ نہ کوئ بات کر لیتا تھا..

مم آپ نے مجھے واپس سکول میں داخل کروانے کے لئے بلاوایا ہے ناں..

واووو.... اب میں بھی طحہ تانیہ (ایمان کے بچے) کے طرح سکول جاؤں گا..

عابی کی بات سن کر سحر کے حلق میں ہی نوالہ پھنس گیا تھا.. وہ اپنے بیٹے کے چہرے کی خوشی نہیں چھینا چاہتی تھی..لیکن اُسے سمجھ نہ ایا کہ کیا جواب دے..

ایمان نے جتاتی نظروں سے سحر کو دیکھا.. البتہ یاسر نے اشارے سے کسی بھی ری ایکشن سے منع بھی کیا تھا..

سحرو چاولوں کی ٹرے پکڑانا.. انس نے ذرا اونچی اواز میں کہا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..بھانجے جان... یہ چاول کھاؤ

..سکول بھی چلے ہی جاؤ گے

..نہیں ماموں.. مجھے نوری کھلائیں گیں

..عابی نہ میں گردن ہلاتے بولا

ابھی تو خود کھا رہے تھے.. اب نور کیوں کھلائیں.. ؟؟

انس نے نا سمجھی سے پوچھا.. بس اب میں اُن کے ہاتھ سے کھاؤں گا..

سحر بے بسی سے اپنے بیٹے کو دیکھ رہی تھی جو ہو بہو اپنے باپ کی طرح ضدی اور لاپرواہ تھا..

..تم بھی اپنی ماں کی طرح نرالے ہی ہو

.نہیں مم کہتی ہیں میں ڈیڈا پہ ہوں

عابی کے منہ سے جلدی میں نکل گیا تھا. اُس نے بول کر فوری منہ پر ہاتھ رکھا..

!...اوپس

..کیا کیا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...کیا کہا

انس نے ہربراہ کر پوچھا.. ایمان اور یاسر بھی سحر کو دیکھ رہے تھے..

عابی نے معصوم شکل بنائے سحر کو دیکھ کر بنا آواز کے سوری کہا.. سحر اس وقت اپنے آپ کو بے بس محسوس کر رہی تھی...

تم اپنے بیٹے سے تو "اُس" شخص کا ذکر کر لیتی ہو.. لیکن ہمیں بتاتے ہوئے تمہے تکلیف ہوتی ہے.. حالانکہ تمہے عابی کو نہیں بتانا چاہئے... اتنے پیار سے وہ اُسےڈیڈا کہتا ہے کہ جسے وہ کہیں کا پرنس چارمنگ ہے.. سحر بہت افسوس ہوا... تم اپنے بیٹے کو اہم سمجھتی ہو.. ہمیں نہیں.. یہ بھی اُسی کی ہی اولاد ہے. یہ مت بھولنا..

ایمان خفگی سے بولتے بولتے تھوڑا تلخ ہو گئ تھی..

خالا آپ میری نوری سے ایسے بات نہیں کر سکتیں..

عابی سحر کا روہانسی چہرہ دیکھ کر غصے سے بولا..

پانچ سال کے ہو تم... اور باتیں تم پندرہ سال کے بچے جتنی کرتے ہو...تمہاری نوری میری چھوٹی بہن ہے..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

....ایمان اپی بس کریں

انس منت بھرے لہجے میں بولا تو ایمان نے یاسر کو دیکھا کہ وہ اُس کے حق میں بولے گا... لیکن اُس کے چہرے پر سختی دیکھ کر ایمان نظریں چرا گئ تھی..

"....ایمان چلو"

یاسر بھائ کھانا... ؟؟

سحر نے بھیگی اواز میں کہا..

" اللہ تمہے حوصلہ اور خوشیاں دے"

یاسر نے سحر کے سر پر ہاتھ رکھتے دعا دی اور ایمان کو سخت نظروں سے اُٹھنے کا کہا..

بھائ اپ نے سفر کرنا.. کچھ کھا لیتے..

انس نے روایتی انداز میں فکر مندی سے کہا..

کوئ بات نہیں یار.. میرا ہی گھر ہے..

ایمان چلو..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یاسر نے اونچی اواز میں کہا تو ایمان جلدی سے کھڑی ہوئ..

سحر نے بے بسی سے اپنی بہن اور بہنوئ کو جاتے دیکھا تھا.

مم آپ مت روئیں پلیز....آپ کی انکھوں میں انسو دیکھ کر مجھے کچھ ہونے لگ جاتا ہے..

خالا خود ہی غصہ کر کے ٹھیک ہو جاتی ہیں..

سحر حیرت زدہ عابی کو دیکھ رہی تھی..

???

ایمان جو بھی تھا. تمیے سحر سے ایسے بات نہیں کرنی چاہئے تھی.."تم نے اُس کی انکھوں کی اداسی نہیں دیکھی..؟؟" میری بہن ہوتی..! اور اُس کو ذرا سا بھی دکھ




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہوتا.. تو دونوں بھائیوں نے زمین اسمان ایک کر دینا تھا.. پر افسوس ہماری بہن ہی نہیں ہے..

یاسر خفگی بھرے لہجے میں بول رہا تھا.. وقتی غصہ بھی کم ہو گیا تھا..

افسوس ہوتا ہے مجھے تم دونوں بہن بھائی پر... اپنی چھوٹی بہن کو ہی نہیں سمجھ سکتے.. اپنی اپنی ہی ہانکتے ہو اُس کے سامنے.. اور وہ خاموشی سے سن لیتی ہے..

یاسر وہ ہماری بہن ہے.. ہم اُسے اچھے سے جانتے ہیں.. وہ کس طرح بولتی ہے.. کرتی ہے.. آپ نہیں جانتے..

ایمان نے اپنے آپ پر ضبط کرتے ترش لہجے میں کہا...

کاش...! میں اُس کے لئے کچھ کر سکتا..

یاسر نے گہری سانس لیتے کہا اور پھر خاموشی سے ڈرائیو کرنے لگا.. سارا راستہ ایمان بھی سوچوں میں ڈوبی رہی تھی..

ماضی.



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat| By Pakezza Tayyaba (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایمان اپی انس باہر چلا گیا ہے.. اور آپ بھی شادی کر رہی ہیں... "میں اکیلی کیا کروں گی.. ؟؟"

سحر تم میرے ساتھ چلو گی اور کیا کرو گی..

نہیں اپی میں آپ کے ساتھ نہیں رہوں گی.. سگے بھائ نے بوجھ نہیں اُٹھایا.. بہنوئ پر کیوں بنو...

سحر وہ ایسے نہیں ہیں...اج رات کو تمہے ملواؤں گی اُن سے..ابھی مجھے تیار ہونے دو.

نہیں مجھے نہیں ملنا..

سحر افسردہ ہوتے بولی..

اچھا تم ہوسٹل میں شفت ہو جاو...اگر میرے ساتھ نہیں چل سکتی..اور تھرڈ اپشن تم بتا دو... ہے تو....!

اپی....!

سحر صدمے سے بولی..

دیکھو سحر مجھے شادی تو کرنی ہے.. اور یاسر اور انکل بہت اچھے ہیں.. میں اتنا اچھا پرپوزل ریجیکٹ نہیں کر




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سکتی.... میں تمہے ماہانا خرچہ بھیجتی رہوں گی.. اور انس بھی تو بھیج رہا ہے.. "تمہے اور کیا چاہئے... ؟؟"



ایمان نے سحر کی انکھوں کی نمی کو اگنور کرتے کہا..

اور ہارن کی اواز سن کر باہر نکل گئ.. کیویک اُسے یاسر کے ساتھ شاپینگ پر جانا تھا..

سحر خاموشی سے اُٹھ کر اپنے کمرے میں ا گئ تھی..

رات کو تھکی ہاری جب وہ واپس ائ اور سحر کو اوازیں دینے لگی...

سحر... سحر... سحرو...

آپ بیٹھیں یاسر.. میں اُسے بلاتی ہوں.. اپنے روم میں ہو گی.

"یار اتنی جلدی سو گئ.. ؟؟"

یاسر کو کہہ کر سحر کے کمرے میں داخل ہوتے ایمان بولی... لیکن سحر وہاں بھی نہیں تھی..

ایمان نے پورا فلیٹ دیکھا جو کہ صرف تین کمروں پر مشتعمل تھا..لیکن سحر کہیں بھی نہیں تھی.. وہ تھک کر




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لاونچ میں ا کر صوفے پر ڈھ سی گئ.. پتہ نہیں کہاں گئ ہے..

ایمان فون کر لو... کسی فرینڈ کی طرف نہ ہو...

جی یاسر ..

ایمان نے سحر کو فون کرنے کے لئے بیگ سے موبائل نکالا.. اور دیکھا تو سحر کا مسیج ایا ہوا تھا..

لو میڈم نے مسیج کر دیا ہے... کہاں گئ. ہیں..

ایمان نے مسیج اوپن کرتے یاسر کو بتایا

اپی میری سائیڈ ٹیبل پر ایک لیٹر پڑا ہے وہ پڑھ لینا..

ایمان مسیج پڑھ کر اندر کو بھاگی..مسیج اُس کی توقع کے برعکس تھا.

اپی میں ہوسٹل میں جا رہی ہوں.. جب آپ کو میری پرواہ نہیں.. تو آپ کے ہزبینڈ کو کسے ہو گی.. میں اپنا بوجھ خود اُٹھا لوں گی.. اور انس بھی ہے.. آپ کو نئ زندگی بہت مبارک ہو... اور ہونے والی شادی بھی.. اللہ آپ دونوں کو خوش رکھے.. بس اپی شادی کے بعد میں اپ پر بوجھ نہیں



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat| By Pakezza Tayyaba (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بن سکتی.. شادی سے پہلے آپ میری بہن تھیں.. لیکن شادی کے بعد آپ کسی کی بیوی ہوں گی.. اور رہی انس کی بات تو وہ مجھے پیسے بھیجتا ہے.. اور میں اُسے روکوں گی نہیں.. بس آپ لوگوں سے ملوں گی نہیں.. ماما پاپا کی ڈیتھ کے بعد سب رشتہ داروں نے ہمیں اکیلا چھوڑ دیا تھا..
کیویک ہم بوجھ تھے.. اب میں اس قابل ہوں کہ اپنا بوجھ خود اُٹھا سکو..اپ سب کو تنگ نہیں کروں گی.. مجھے اکیلا رہنا پسند ہے.. اور یہ بات آپ اچھے سے جانتی ہیں. اس لئے آپ ارام سے اپنی زندگی میں خوش رہیں.. زندگی میں کبھی آپ کو میری یاد ستائ تو مجھے اپنے سامنے پائیں گیں.. انس کو بھی میں نے بتا دیا ہے اور اُسے کوئ اعتراض نہیں ہے.. آپ بھی میرے لئے جو تھوڑا بہت پریشان ہوتی ہیں وہ چھوڑ دیں.. اور یاسر بھائ کے ساتھ نئ زندگی شروع کریں.. انہیں بتا دینا..آپ کی بہنن آپ لوگوں پر بوجھ نہیں بنا چاہتی تھی اس لئے آپ لوگوں کی شادی سے پہلے چلی گئ.. میں اپنا مزاخ نہیں بنانا چاہتی تھی.. آپ کی شادی کے بعد.. مجھے کسی سے کوئ شکایت نہیں..
میرے نصیب میں ٹھوکریں کھانا لکھا ہے.. دعا کیجیے گا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں ہمیشہ ثابت قدم رہوں ..رب نے چاہا تو ضرور ملیں گے.. تب تک کہ لیے "فی امان اللہ "



"اپ کی سحرو"

..ایمان کیا لکھا ہے

یاسر ایمان کے چہرے کے بدلتے رنگ دیکھ کر فکرمندی سے بولا..

ایمان نے لیٹر کو بےیقینی سے دیکھا اور یاسر کی طرف بڑھایا..

ایمان.... ؟؟

..میں فون کرتی ہوں

ایمان نے لرکھڑاتی زبان میں کہا.. لیکن بے سود سحر کا فون بند تھا..

...ایمان کوئ فائدہ نہیں


Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں یاسر وہ کسی لڑکے کے ساتھ نہیں بھاگی... ایسا کبھی نہ سوچنا... وہ بس مجھ سے ناراض ہو کر گئ ہے.. ا جائے گی..

ایمان نے یاسر کے بدلتے تاثرات دیکھ کر سوچتے کہا..

میں ایسا نہیں سوچ رہا... میں تو یہ سوچ رہا ہوں تم اپنی بہن پر یقین ہی نہیں قائم کر پائ..

یاسر...

ایمان نے بے بسی سے یاسر کو دیکھا..

وہ ضد کر رہی تھی.. ہمارے ساتھ نہیں رہے گی.. پھر ایمان نے سحر کے ساتھ ہوئ ساری بات اُسے بتا دی.. اپنا رویہ بھی..

اب چلؤ... اج ہی ڈیڈ سے بات کرتا ہوں.. "میں تم سے محبت کرتا ہوں. " اس لئے اس مشکل وقت میں تمہارا ساتھ نہیں چھوڑ سکتا.. ڈیڈ سے بات کرتا ہوں.. اجکل میں ہی نکاح کر کے سحر کو ڈھنڈتے ہیں.. تمہارا کوئ قریبی فیملی ممبر ہے.. تو بتاؤ.؟؟انہیں اگاہ کر دیں ہمارے نکاح کا..

یاسر کچھ سوچتے ہوئے ٹھر ٹھر کے بول رہا تھا..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں....!!!

چاچو اور پھوپھو لوگوں نے ماما بابا کی وفات کے بعد پلٹ کر تو ہمیں دیکھنا گوارہ نہیں کیا اور ایک ہی ماموں ہیں جو سعودیہ ہی ہوتے..انس ادھر ہی گیا ہے..

ایمان جھکے سر کے ساتھ بے بسی سے بول رہی تھی..

چلو پریشان نہ ہو..

سب ٹھیک ہو جائے گا.. اللہ پر بھروسہ رکھو..

حال

گاڑی رکنے سے ایمان ہوش میں ائ تھی..

گھر ا گیا ہے.. نکل أؤ.. اپنے خیالوں سے بیگم...

یاسر کی بات سن کر ایمان یاسر کو دیکھے جا رہی تھی..

اگر آپ نہ ہوتے... تو شاید ہماری زندگی میں اتنی اسانیاں نہ ہوتیں..

"کیا سوچ رہی ہو... ؟"

یاسر نے آنکھوں میں شرارت لئے پوچھا..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..میں نے کونسی نیکی کی.. جو آپ مجھے ملے

تم نے مجھ سے شادی کر کے اتنی بڑی نیکی ہی تو کی ہے..

..یاسر میں مزاخ نہیں کر رہی

آپ کو مجھ میں کیا اچھا لگا..؟؟ "میں تو ایک اچھی بہن " بھی نہیں ہوں..

..تم میں کیا اچھا ہے... کیا اچھا ہے

..یاسر سوچنے کی ایکٹینگ کرتے بولا

ہاں تم اپنی غلطی جلدی تسلیم کر لیتی ہو..اور مجھے پتہ ہے.. یہ غلطی ماننے کا فلسفہ تمہے سحر نے ہی سیکھایا ہے..

..ایمان نے فوری اثبات میں سر ہلایا اور ہلکا سا مسکرا دی

پتہ ہے وہ کہتی ہے "ہم جو سب کرتے ہیں ..اس سب کی کامیابیوں کا دارومدار صرف سچ بولنے اور غلطی تسلیم کرنے پر ہے. سچ بول کر ہم اسمان پر پہنچ سکتے ہیں




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور غلطی تسلیم کر کے ہم زمین پر رہ کر بھی اسمان کو چھوتے ہیں.. اللہ ہماری نیتیں جانتا ہے.. اور اسی لئے اپنی رحمت کے مطابق ہمیں نوازتا ہے.. "

جس میٹھے لہجے میں تم مجھے اُس کے بارے میں بتا رہی ہو ناں...اسی لہجے میں سحر سے بات کرو گی تو وہ تمہارے قریب ہو گی..جس طرح تمہارا رویہ ہے اُس کے ساتھ وہ چاہ کر بھی تم پر بھروسہ نہیں کر پاتی..

اپنی محبت میں خلوص پیدا کرو.. سحر کو جذباتی پن کی ' نہیں خلوص کی ضرورت ہے..

یاسر کی بات سن کر ایمان کو سمجھ ا رہا تھا وہ غلط کر ائ ہے.. اُسے جذباتی نہیں ہونا چاہئے تھا..

بھائ اندر انے کا ارادہ نہیں ہے کیا.. ؟؟

یاور نے گاڑی کا شیشہ ناک کرتے شرارت سے پوچھا..

ہاں یار ا رہے ہیں..

یاسر ایمان کو نکلنے کا اشارہ کرتا گاڑی سے نکلا..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...میں سمجھا.. اج گاڑی کو ہی بیڈ روم سمجھ لیا آپ نے

..یاور دانت دیکھاتے بولتے ہوئے مڑ کر اندر کو بھاگا

..تو رُک... بڑی مستیاں سوج رہی ہیں کمینے

.یاسر یاور کی بات سن فوری اُس کے پیچھے لپکا

ایمان بھی دونوں کی نوک جھوک دیکھ کر سانس لینے اندر چل دی.

انس کچھ بھی نہیں بولا... کوئ شکایت نہیں کی.. چپ چاپ ..چلا گیا.. کیا میری وجہ سے وہ تکلیف میں ہے

بھائ نہ کہیں...عاقب بھائ نے سن لیا ناں تو آپ کی خیر نہیں...بھابی کو کچھ بھی کہنے کی گستاخی نہ کیجیے گا.. بہت شدت پسند ہیں بھابی کے معاملے میں..

حرا نے بڑی بوڑھی عورتوں کی طرح سمجھاتے ہوئے کہا.. عینہ تو عاقب کے بولوں کے سحر میں ہی کھوئ ہوئ تھی..ان دونوں کو کیا جواب دیتی..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..ارے دیکھ لیں گے بھائ کو بھی

..بھائ بھی ہمارے

..بھابی بھی ہماری

"کیوں بھابی... ٹھیک کہہ رہا ہوں ناں... ؟؟"

..حارث نے عینہ سے تاکید چاہی

..عینہ نے ہلکا سا مسکرا کر سر ہلانے پہ اکتفا کیا

..شفق بیگم کسی خاتوں سے بات کر کے ان کی طرف آئیں

..حرا جاؤ بھابی کو اندر لے جاؤ

عینہ کو اندر جانا بھی ایک اور امتحان لگا.. عاقب کی پیغام دیتیں بے لگام نظریں اُس کا دل بند کرنے کے درپے تھیں..وہ حرا کاہاتھ تھامے عاقب کے پاس سے سر جھکائے




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

گزر گئ...عاقب کی نظروں نے دور تک اُس کا تعاقب کیا تھا..اس کی مسکراہٹ مزید گہری ہو گئ تھی اور کسی نے نفرت سے یہ منظر اپنی انکھوں میں قید کیا تھا اور کچھ سوچتے وہاں سے چلا گیا تھا..

اپی میں کمزور پڑ گئ تھی.. ایک باکردار شخص کی انا مجروح نہیں کر سکی تھی..میں سارے حقوق اس کے نام کر دیے تھے.. جس چاہ اور احترام سے انہوں نے مانگیں تھے..میں رد کر کے اُن کی توہین نہیں کر پائ..

سحر نے ہارے ہوئے لہجے میں اعتراف کیا.

نہ جانے کیا چھپا ہوا تھا اُس کی نگاہ الفت میں

نہ چاہتے ہوئے بھی اُس سے دل لگی کر بیٹھی




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہمارے ماں باپ نے ہمیں اسلام پہ چلنے کی تلقین کی تھی..
یہ ہماری تربیت میں ہے.. ہم شریعت کے خلاف نہیں جاتے.. تم نے صرف نیک بیوی ہونے کا ثبوت دیا تھا..
اختلافات اپنی جگہ.. لیکن ہم گناہ گار نہیں بن سکتے..

ایمان نے نرمی سے سمجھایا..

ایک مرد کے کردار کا اندازہ اُس کی نظروں سے لگایا جا سکتا ہے.. مرد کی نظریں اگر عورت کی روح کو گھائل کرتی ہیں تو عورت کو معتبر بھی بنا دیتی ہے... اپی اُس شخص کی نظروں میں اتنا احترام ہوتا ہے....کہ میں کبھی اُس کی کسی بات کو رد نہیں کر سکی..

سحر نے فخریہ انداز میں بتایا تو ایمان مسکرا دی..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سحر جب سب ٹھیک تھا.. تو کیوں میری بہن اپنی خوشیوں کے دروازے بند کیے ہیں خود پہ..



اپی میں کیا بتاؤں.. میرا بہت دل کرتا تھا آپ اور انس سے بات کرنے کو.. پر میں ہمت نہیں کر پاتی تھی...میں آپ کو بلانا چاہتی تھی..لیکن سوچتی تھی..آپ لوگ کہیں میرے کردار پر انگلی نہ اُٹھائیں.. میں ڈر گئ تھی.. اور یہ ہی میں غلطی کر گئ تھی..

سحر ہماری بھی غلطی تھی.. ہمیں تمہے اکیلا نہیں چھوڑنا چاہئے تھا.. لیکن دیکھو تمہے قدرت نے کتنا پیارا تحفہ دیا تھا.. ہمارے ساتھ ہوتی تو ملتا..؟؟ اب ہمارے پاس ہو تو وہ نہیں ہے..ہم نہیں تھے تو وہ تھا ناں..

ایمان نے متبسم لہجے میں سمجھانا چاہا کہ یہ ہماری قسمت کا ہی لکھا ہوتا ہے..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اپی اپ لوگوں کے پاس ہوں تو عابی ہے میرے پاس.. اگر آپ لوگ نہ ہوتے تو عابی بھی نہ ہوتا...



سحر اداسی سے عابی کو دیکھتے بولی.. جو اوندھے منہ سویا ہوا تھا..

اپی وہ صبح سب سے مختلف صبح تھی.. میں پہلی بار کسی کے بازو پہ سر رکھے سوئ ہوئ تھی..اور اتنے سکون سے سوئ تھی کہ میں خود جان نہ پائ..

عینہ کی جب آنکھ کھلی تو اُس کا سر عاقب کے بازو پہ تھا.. بال دوسری سائید پر بکھڑے ہوئے تھے.. کتنی ہی دیر وہ بے حس و حرکت لیٹی رہی..عاقب پرسکون سویا ہوا تھا.. عینہ نے دیکھا اُس کے چہرے پر ایک الگ ہی چمک تھی.




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اے اللہ اب میں تیرے سامنے جواب دہ نہیں ہوئ... میں نے تیرے کسی بھی حکم کی نافرمانی کرنے کی کوشش نہیں کی..پھر بھی میں یہ ہی کہوں گی.. اے اللہ مجھے ثابت قدم رکھیں"

چھت کو گھورتے وہ سوچ رہی تھی.. پھر احتیاط سے اُٹھ کر فریش ہونے چل دی..

عاقب اُٹھا تو عینہ کو کمرے میں نہ پایا تو اُس کا موڈ خراب ہو گیا..کیوں کہ عینہ نیچے جا چکی تھی.. وہ بھی بے دلی سے اُٹھ کر فریش ہونے چل دیا..

اُٹھ گئے بھائ...

بڑے فریش لگ رہے ہیں..

ہمیں تو تھکاوٹ کے مارے نیند ہی نہیں ائ.. ہاں بھئی کیوں نہ ہوں فریش.. دلہا جو تھے..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حارث عاقب کو نیچے اتے دیکھتے ہی شروع ہو گیا تھا..
لیکن عاقب کی نظریں کسی اور کو ہی تلاش کر رہیں تھیں..
اس لئے اُس نے حارث کی بات پر زیادہ غور نہیں کیا تھا..

اماں بی کے ساتھ کیچن میں پراٹھے بنا رہی ہے.. اماں بی کو بخار تھا اس لئے وہ بنا رہی ہے..

شفق بیگم نے مسکراہٹ دباتے عاقب کو اطاع دی.. وہ ماں تھیں.. کسی اپنے بیٹے کی بے چینی نہ پیچانتیں...

اووووو..... ہیرے.. دیکھ لے مجھے اور تجھے فل اگنور... بس بھابی ہوں بھائ کے سامنے...

حارث نے ہاتھ نچا کر کہا تو عاقب نے ایک ائی برو اٹھائے اُسے گھورا...




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تم واپس کب جا رہے ہو.. ؟؟"



لو مام اب میں یہاں اچھا ہی نہیں لگ رہا..

حارث اوور ایکٹینگ ہو گئ ہے.. میرے شیر..

شاہد صاحب کرسی گھسیٹے بیٹھتے ہوئے بولے..

ڈیڈ کیا ہے... کبھی تو نام لے لیا کریں.. جانوروں والی فیلینگ اتی ہے..

حارث منہ ٹھرا میڑا کرتے بولا تو عاقب نے سر کو دائیں سے بائیں ہلایا.. مطلب یہ نہیں سدھر سکتا..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تم کیا کھی کھی کر رہی ہو.. جاؤ عینہ سے کہو ناشتا کر لے ..ا کر.. اماں بی کو بھی نکھو.. ناشتا لے ائیں



شفق بیگم ڈپٹتے ہوئے بولیں.. حرا جو اپنی ہنسی کنٹرول نہیں کر پا رہی تھی...شفق بیگم کے کہنے پر بدمزہ ہوتی ..اٹھی

ناشتا کرتے ہوئے بھی عاقب کی نظریں بھٹک کر بار بار عینہ پر جا رہیں تھیں.. عینہ خاموشی سے ناشتا سرو کروا کر ناشتا کر رہی تھی..اُس نے عاقب کی طرف دیکھنے کی غلطی بھی نہیں کی تھی.. ورنہ اُس کے حلق سے کچھ اُتارنا ..ہی نہیں تھا

اللہ کا شکر ہے کل کا فنگشن زبردست ہو گیا.. مجھے امید ..نہیں تھی فیاض کی فیملی بھی ائے گی




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جی شاہد آپ ٹھیک کہہ رہے.. فیاض بھائ کی مسسز نے اسپشیلی عینہ کی تعریف کی تھی..اور ہاں میں آپ سب کو بتانا بھول گئی..انہوں نے اشاروں کناروں میں کہا ہے.. ہم سب الرٹ رہیں.. شاہد آپ سمجھ رہے ہیں ناں..

مام فکر نہ کریں..کچھ نہیں کریں گے وہ اب.. کافی کمپنیز کے پارٹنرز ہمیں پریفر کر رہے..

عاقب نے فوری انہیں پریشانی سے ازاد کرنا چاہا..تو شاید صاحب نے بھی سر ہلا دیا..

ویسے وہ اول جلول جاہل فاریہ بھی ائ ہوئ تھی..

حرا نے جوش سے بتایا تو عینہ اپنی مسکراہٹ نہ دبا پائ...

"بھابی آپ کیوں ہنسیں... ؟؟"




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..کیوں کہ تمہاری بھابی بھی اُسے جاہل ہی کہتی ہے

..جواب عاقب نے دیا تھا

..میں روم سے بیگ لے اؤں اور حجاب کر اؤں

..عینہ عاقب کو اُٹھتا دیکھ کر بولی

..عینہ اج نہ جاتی افس..تھکی ہوئی لگ رہی ہو

..شفق بیگم کے منہ سے روانگی میں نکل گیا

..نہیں انٹی کچھ ضروری کام ہے.. جلدی ا جاؤں گی




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عینہ کہہ کر اوپر چلی گئی..



میرا موبائل روم میں رہ گیا.. میں لے کر اتا ہوں..

ہاں بھائ جائیں جائیں...کہیں گھڑی بھی روم میں نہ رہ گئ ہو.. اور موبائل بھی دیکھ لیں..

حارث بڑے بوڑھوں کی طرح بولا تو عاقب اُسے کھا جانی والی نظروں سے دیکھتا مڑ گیا..

مام بھائ ایسے بی ہیو کر رہے جسے رات کو اُن کی شادی ہوئ ہے..

حارث مسکراتے ہوئے اونچی اواز میں بولا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"..مام ڈیڈ اُس کو واپس بھجوا دیں.. "دھرتی پہ بوجھ



..عاقب سیڑھیاں چڑھنے ہانک لگانا نہ بھولا تھا

..نہ تنگ کیا کرو اسے

...شفق بیگم نے حارث کو پیار سے ڈپٹا

..مام بھائ بہت بدل گئے ہیں.. مزہ اتا ہے اب تنگ کرنے میں

..ہاں حارث بھائ.. عاقب بھائ بہت چینج ہو گئے

..حرا نے بھی فوری پیروی کی

عینہ روم کا دروازہ کھول کر باہر نکلنے ہی لگی تھی کہ سامنے سے اتے عاقب سے تکڑائ.. عاقب نے فف




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فوری عینہ کے گرد بازو حمائل کر کے تمام لیا.. عینہ کا سر جو چکرا گیا تھا.



..سنبھل کر یار.. میں اندر ہی ا رہا تھا

..شوخی سے جتلایا گیا

اچھی بیویاں شوہروں کے اٹھنے کے بعد کمرے سے نکلتی ہے..

..عاقب نے کمرے میں انٹر ہو کر دروازہ بند کرتے کہا

..عینہ کا سانس ہی اتک گیا تھا..وہ کچھ بول ہی نہ پائ

اج ریسٹ کر لو تھکی ہوئ لگ رہی ہو.. ہاں میں بھول گیا تھا حوروں کو نظر جلدی لگ جاتی ہے ناں..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عاقب نے گھمیر لہجے میں کہا تو بے عینہ ہچکچاتے ہوئے فاصلہ بنایا...

میں حور نہیں ایک عام سی لڑکی ہوں..

چلیں دیر ہو رہی ہے....

تھوڑی ہی دیر لگی تھی اُسے سنبھلنے میں..

کرنی تو تم نے اپنی ہی ہے...

چلو جناب..ہم تو غلام ہیں..آپ کی رگ رگ سے واقف ہیں..

عاقب عینہ کے ماتھے پر بوسہ دیتے بولا.. تو عینہ کا چہرہ شرم وحیا سے جھک گیا..

تم نے ہی یہ حقوق سونپے ہیں.. اب سانس لے لو..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عاقب نے دلکشی سے کہا تو عینہ نے فوری شکوہ کناں نظروں سے دیکھا..

باہر ویٹ کر رہا ہوں ا جاؤ.

عاقب تیزی سے بول کر نکل گیا.. عینہ ماتھے پر جہاں عاقب نے اپنی محبت کی مہر سبط کی تھی..کتنی ہی دیر ہاتھ رکھے بے ترتیب سانسوں کے ساتھ کھڑی رہی...اور سوچتی رہی....کسے پتہ چل جاتا ہے.. میرے کیا احساسات ہیں.. کہ یہ حقوق جتلا کر چلے گئے.. کیا وہ میرے اسی انتظار میں تھے...

)




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرا اور حارث لاونچ میں ٹانگیں پسارے صوفے پہ بیٹھے ہوئے تھے....اور کل کے فنگش کی تصویریں دیکھ کر کمنٹ پاس کر رہے تھے..شفق بیگم اُن کی فضول گوئ سن کر عاجز آتے ہوئے اُٹھی ہی تھیں کہ اپنی بہن کو دروازے سے اتے دیکھ کر گرمجوشی سے اُن کی طرف بڑھیں..

ہییں.... یہ کل ائ تو تھیں خالہ... اج پھر ا گئیں..

حارث حرا کے کان میں کھسر پھسر کرتے بولا تو حرا نے کہنی ماری..

چپ کریں.. کہیں خالہ سن نہ لیں..

ارے میں نے کہا کل تو تمہاری بہو کو صیح سے دیکھا نہیں تھا.اج تفصیل سے مل کر اتی ہوں..

عقیلہ بیگم بیٹھتے ہوئے بولیں تو اُن کی دونوں بیٹیاں بھی حرا سے مل کر بیٹھ گئیں..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حارث وہاں سے نکلنے کے چکر میں تھا کہ خالہ اُس سے تفتیش شروع کرنے لگ گئیں..

کب پڑھائ ختم ہو رہی ہے..؟ پاکستان کب تک ہو... ؟

حارث نے جواب دیتے بے چارگی سے شفق بیگم کو دیکھا... تو شفق بیگم مسکراتے ہوئے اگنور کر گئیں..

ارے حرا بیٹا بھابی کو تو بلا کر لاؤ... کیا تم لوگوں کے پاس نہیں بیٹھتی.. ؟؟یا کمرے تک ہی محدود رہتی..

عقیلہ بیگم طنزیہ بولیں.. حارث کو یہ ہی انداز پسند نہیں تھا اپنی خالہ کا..

نہیں اپا وہ عاقب کے ساتھ افس گئ ہے..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ارے شفق اب اُسے گھر کی ذمہ داری دو... پہلے کی بات اور تھی... افس میں اکٹھے کام کرتے تھے تو پسند کر کے شادی کر لی.. اب لوگ باتیں کریں گے کہ ابھی بھی افس جاتی ہے.. اب کس چکر میں جاتی ہے.

..نہیں اپا وہ بس تھوڑا سا کام تھا ا جائے گی

..شفق بیگم نے شرمندہ ہوتے کہا

..حارث حرا کو اشارہ کر کے جا چکا تھا

بہو کے میکے سے کوئ نہیں تھا... کیا ناراضگی چل رہی..؟؟

حرا اپنی کزنوں کے ساتھ باتیں کر رہی تھی کہ خالہ کی بات سن کر اپنی ماں کو دیکھا.. تو شفق بیگم نے انکھوں سے اطمینان کروایا اور عقیلہ بیگم کی طرف متوجہ ہوئیں..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اپا بھائ باہر ہوتا ہے اور بہن سے تھوڑا اختلاف ہے.. اور والدین کی وفات ہو گئ..



شفق بیگم نے نرمی سے جواب دیا.. تب تک اماں بی چائے لی ائیں تھیں تو شفق بیگم نے چائے اور دیگر لوازمات کی طرف توجہ کروائ

چلو بھائ یہاں نہیں تھا لیکن بہن کو تو انا چاہئے تھا.. پتہ ہے کل میں نے لوگوں کو باتیں کرتے سنا تھا اکیلی رہتی تھی..اس لئے ہمارے پیارے عاقب کو پھسا لیا..

اپا ایسی بات نہیں ہے عینہ تو کردار اور اخلاق کی بہت اچھی ہے.. ایک دفعہ ملیے گا..

شفق بیگم نے پیار بھرے لہجے میں عینہ کی سائیڈ لی..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..کہیں اُس کی بہن نے بھی بھاگ کر شادی تو نہیں کی تھی

عقیلہ بیگم نے رازداری کی ایکٹینگ کرتے پوچھا.. لیکن سن تو سب نے ہی لیا تھا..

کہیں اسی لئے ان کا بھائ منہ چھپا کر باہر جا کر بیٹھ گیا ہو.. نہ چاچا.. نہ ماما.. کوئ بھی نہیں ہے..
عقیلہ بیگم نے کباب کھاتے تمسنحریہ انداز میں پوچھا تھا..

شفق بیگم کو سمجھ نہ ائے کسے سمجھائیں اپنی بہن کو.. تبھی حرا نے انکھوں سے پیچھے مڑ کر دیکھنے کا اشارہ کیا تو شفق بیگم نے حرا کو گھورتے مڑ کر دیکھا تو ساکت ہوں گئیں..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عینہ سر دباتے لیپ ٹاپ پر ٹائپینگ کر رہی تھی کہ عاقب نے درشتی سے لیپ ٹاپ بند کر دیا.. عینہ نے سر اُٹھا کر ناسمجھی اور حیرت سے دیکھا..



اٹھو..چلو گھر..

حکمیہ لہجے میں کہا گیا.. عاقب کا چہرہ اس وقت ہر تاثر سے عاری تھا.. عینہ کو سمجھ نہ ائ کہ ہوا کیا ہے..

عینہ نے سوالیہ نظروں سے دیکھا..

حالت دیکھی ہے اپنی..

عاقب نے فکرمندی سے عینہ کو دیکھتے کہا.. جس کی گھنی پلکوں تلے بھوری انکھوں میں سرخی کے ڈورے اور پپوٹے سوجے ہوئے تھے..

تھوڑا سا رہ گیا ہے.. میں نے فائل سیو بھی نہیں کی تھی..



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat| By Pakezza Tayyaba (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..عینہ پریشانی سے لیپ ٹاپ اوپن کرتے بولی

کل ہو جائے گا.. ابھی تمہے ریسٹ کی ضرورت ہے..ورنہ بیمار ہو جاؤ گی..

عاقب نے ضدی لہجے میں کہا تو عینہ لب بھنچ کر رہ گئی..اور عاقب کے ساتھ چیزیں سمیٹ کر کین سے نکلی.. پارکینگ میں جاتے ہوئے عینہ کو چکر سا ایا تھا.. اگر عاقب کا سہارا نہ لیتی تو گیر چکی ہوتی..

اسی لئے کہا تھا.. افس نہ اؤ...لیکن تم پہ تو کام کا جنون سوار ہوتا..

عاقب نےفکر مندی سے کہتے گاڑی کی فرنٹ سیٹ پر بیٹھایا اور خود ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھا..اور گاڑی گھر کے راستے پہ ڈال دی.




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب عینہ کھڑی سوچ رہی تھی کہ افس سے نہ اتی اور خالہ کی باتیں اُس کے کانوں میں نہ پڑتیں..لیکن اُسے خاموش رہنا تھا.. ہوش میں.. جوش میں اتی تو اُس کی تربیت پہ انگلی اٹھتی.. اسی لئے بنا تاثر کے اگے بڑھی..

عاقب نے بے یقینی سے شفق بیگم کو دیکھا..اسے امید نہیں تھی اس سب کی..اور پھر عینہ کو دیکھا..

ارے میں تو کہتی ہوں.. اپنی بہو پہ بھی نظر..

شکر ہے بھابی آپ ا گئیں.. دیکھیں آپ سے ملنے کتنے لوگ ائیں ہیں..آپ کا ہی انتظار کر رہے تھے..

حرا عقیلہ بیگم کی بات میں ہی اونچی اواز میں بولی.. تاکہ عقیلہ بیگم کی زبان بند ہو سکے..

شفق بیگم نے دونوں کو دیکھ کر نظریں چرا لیں..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسلام علیکم...!!

عینہ نے نزدیک اتے تابعداری سے سلام کیا... اور حرا کی کزنوں سے ملی.. البتہ عاقب نے مخاطب کرنا بھی ضروری نہ سمجھا..وہ غصیلی نظروں سے دیکھ ہی رہا تھا..

عینہ حرا کی کزنوں کے سوالوں کے جواب دینے لگ گئ..

عاقب عینہ کو سختی سے اوپر انے کا اشارہ کر کے اوپر کی طرف بڑھ گیا...

انٹی میں فریش ہو کر اتی ہوں.. آپ لوگ بیٹھیں..

عینہ تھوڑی دیر بعد زبردستی ہونٹوں پر مسکراہٹ سجا کر کہہ کر اوپر چلی گئی.. جانتی تھی..اوپر بیٹھا انسان کوڑھ رہا ہو گا..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

واہ شفق تمہاری بہو تو واقع ہی ہیرا ہے.. کتنے پیار سے بول رہی تھی..غرور نہیں ہے..

عینہ کے جانے کے بعد عقیلہ بیگم نے حیران ہوتے کہا تو شفق بیگم مسکرا دیں..میں نے کہا تھا ناں آپ ملیے گا تب بتائے گا.

ہاں ہاں تمہارے بد لحاظ بیٹے سے تو اچھی ہے.. دیکھا سلام بھی نہیں کر کے گیا..

حرا نے اپنی خالہ کی بات سن کر تاسف سے انہیں دیکھا پھر اپنی ماں کو اشاروں کناروں میں کچھ کہتی اٹھ کر چلی گئی..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عینہ جب کمرے میں ائ تو اس کی توقع کے مطابق ہی ہوا تھا...عاقب مسلسل ادھر سے اُدھر چکر کاٹ رہا تھا..

عینہ اگنور کرتی حجاب اتارنے لگ گئ...لیکن کن اکھیوں سے اُسے بھی دیکھ لیتی تھی..

میرے سامنے تو بڑے ڈھرلے سے بولتی ہو...نیچے کیا ہوا تھا.. تمہارے بارے میں تمہاری بہن کے بارے میں تمہارے بھائی کے بارے میں جو بولا جا رہا تھا.. تم چپ چاپ کسے ہضم کر گئ..

عاقب خفگی سے بولا تو عینہ نے گہری سانس خارج کرتے اُسے دیکھا....

میں کیوں دلائل دوں.. جب حقیقت بھی یہ ہی ہے..جھوٹ پہ دلیلیں دی جاتی ہیں...



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat| By Pakezza Tayyaba (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عینہ...

عاقب حیرانگی اور بے یقینی سے بولا..

کیوں آپ کو یقین نہیں ایا..

تمسخریہ انداز میں پوچھا گیا..

اپنی اپی کا نمبر دو..

عاقب موبائل نکالتے بولا..

میرے پاس نہیں ہے..

بے نیاری سے بتایا گیا..تبھی عینہ کا فون بجا...جو کہ عینہ کے بیگ سے عاقب نے نکالا ہی تھا..

انس کالنگ..


Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمہارے بھائ کا فون ہے..

عینہ نے جھپٹتے ہوئے موبائل پکڑا اور ریسیو کیا..

حال احوال کے بعد عینہ نے انس سے واپس انے کا پوچھا تو وہ ٹال مٹول کر گیا..

پیسے بھیج دیے ہیں تمہارے اکاونٹ میں.. کھل کر شاپینگ کرنا.. میں جانتا ہوں تمہے کپڑے بنانے کا کتنا شوق ہے..

عاقب نے فون لاوڈ اسپیکڑ پہ کیا ہوا تھا اس لئے وہ بھی باتیں سن رہا تھا.. عینہ نے سخت نظروں سے بات کرنے سے منع کیا تھا..

سحرو تم ایک کام کرو.. میرے پاس ا جاؤ.. اب میں اتنا کما لیتا ہوں کہ تمہے بلا سکوں.. اپی اپنی زندگی میں خوش ہیں..تم اکیلی کیا کر رہی ہو.. میں ویزا بھیج دیتا ہوں..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عاقب تو انس کی بات سن کر تڑپ ہی گیا تھا. ایک سیکنڈ کی بھی دیر کیے بغیر فون کاٹا..

عینہ نے ائ برو اٹھا کر اُسے دیکھا.. البتہ ہونٹوں پہ شریر مسکراہٹ تھی..

جہاں ہے اسے وہیں رہنے دو.. خبردار جو ائیندہ بات کی..

بتا دو اسے تمہاری شادی ہو گئ ہے..

عاقب روٹھے لہجے میں بول کر واشروم کی طرف بڑھ گیا.. عینہ بس سوچ کر ہی رہ گئی..

اپی میں نے بہت دفعہ کہا انس کو.. "واپس آ جاؤ" .."کب ا رہے ہو. ؟؟" .."میں اکیلی ہوں "..

وہ نہیں ایا....ہمیشہ پیسے بھیج کر اپنا فرض نبھا دیتا تھا.. کہتا تھا ابھی نہیں ا سکتا.. کام کا لوڈ ہے.. وغیرہ وغیرہ..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں اُسے اپنی شادی کا بتا کر خود سے دور نہیں کر سکتی تھی.. ایک مان تھا کہ بھائ کا فون تو اتا ہے..

سب نے مجھ سے آپ کے بارے میں پوچھا... میں کیا بتاتی.. آپ نے کسے شادی کی..میں کسے بتاتی میں آپ کو خود چھوڑ کر ائ تھی.. آپ کی ایک الگ فیملی تھی.. وہ ڈسٹرب ہو جاتی..جب آپ کو میرے بارے میں پتہ چلتا.. بس اسی ڈر سے چپ رہی.. کوئ بھی اُن کے خاندان سے آتا. ملتا وہ یہ ہی کہتا.. بہو کے میکے سے کوئ کیوں نہیں ہے.. مجھے یا آپ کو تنقید کا نشانہ بنایا جاتا.. میں چپ رہتی.. وہ کہتے رہتے.. آپ کا نمبر دوں..لیکن اپ کا نمبر بند تھا.. میں کہاں سے دیتی.. انس بھی مہینوں بعد فون کرتا تھا.. سحر کے بتاتے بتاتے ہچکی بندھ گئ تھی..

اپی میں کیا کرتی.. مجھے کچھ سمجھ نہیں اتا تھا..

اس بار ایمان بھی رو رہی تھی..

سحر مجھے نمبر یاد نہیں رہتے تھے.. فون گم گیا اور نمبر بھی فون میں تھے.. پھر یاسر نے مجھے نیا نمبر لے دیا..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیوں کہ پہلے والا نمبر انس کے نام پہ تھا.. میں نے اور یاسر نے تمہے بہت ڈھونڈا.. تم ملی تو میرا بھائ بھی مل گیا..

میں مانتی ہوں میں خودغرض ہو گئ تھی.. مجھے تمہے سیکیوڑ کر کے اپنی زندگی شروع کرنی چاہئے تھی.. میری خود غرضی کی وجہ سے اج تم اس حال میں ہو... میں اور انس دن رات اسی پچھتاوے میں کڑھتے ہیں.. لیکن سحر تمہے بھی تو اتنی جلدی فیصلہ نہیں کرنا چاہیے تھا..

ایمان شکوہ کناں لہجے میں بولی..

اپی میں نہیں چاہتی تھی شادی کے بعد آپ میرے جھنجھٹ میں پڑی رہیں.. اور آپ نے بھی تو کہاں تو ہاسٹل رہ لو.. میں غصے میں چلی گئی تھی.. میری انا پہ ضرب لگی تھی.

عینہ نظریں چراتی بولی..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کیا اس وجہ سے وہاں سے ا گئ تھی... ؟؟'

"ہمارے بارے میں پوچھا جاتا تھا.. ؟؟"

نہیں اپی انہوں نے اور نہ ہی اُن کے گھر والوں نے مجھے کچھ کہا تھا کبھی... بس حالات ہی کچھ اسے ہو گئے تھے.. مجھے لگا تھا میں کبھی ماں نہیں بن پاؤں گی.. انٹی کچھ کہتی نہیں تھیں.. لیکن اُن کی انکھوں سے اداسی کا اندازہ لگا لیتی تھی..اور پھر فاریہ ا گئ تھی ہماری زندگی میں.. سب ٹھیک تھا جب تک جاہل فاریہ نہیں تھی..

عینہ بیٹا اگر آپ نہ ہوتیں تو ہمیں کبھی اتنی بڑی کامیابی نہ ملتی..

شاہد صاحب نے عینہ کے سر پہ پیار دیتے شفقت سے کہا تو جھنپ گئ..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عاقب نے مسکراتے ہوئے عینہ کو انکھ ماری..تو عینہ نے آنکھیں دیکھائ.. شفق بیگم نے بھی اج پیار سے عینہ کو گلے لگایا تھا..

فیاض بھائ کی دھمکی سے میں تو ڈر گئ تھی.. لیکن اللہ کا فضل ہے..

بیگم اللہ کے فضل کے ساتھ ساتھ ہماری بہو کی دن رات کی محنت بھی ہے.. مجھے تو لگتا ہے میرا تیسرا بیٹا ہے..

شاہد آپ کچھ بھی کہتے ہیں.. بہوئیں تو بیٹیاں ہوتی ہیں. داماد بیٹے ہوتے ہیں..

سب خوش گپوں میں مصروف تھے..کہ یاسر کا ذکر چھیڑا..

ما شا ء اللہ دو بچوں کا باپ بن گیا.. اُس کی شادی بھی انافانا ہی ہوئ تھی..

شفق بیگم نے خاص طور پر عینہ کو دیکھتے کہا..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں اب ہمارے گھر میں بھی ایک چھوٹا سا بے بی ہونا چاہئے.. میں بھی یونیورسٹی فرینڈز کو دیکھاؤں.. یہ دیکھو میرا چھوٹا سا بھتیجا بھتیجی..

حرا اکسائٹیڈ ہوتے بولی..تو شفق بیگم نے بھی ایک اُس سے عینہ کو دیکھا..

عینہ نے ہونٹ کاٹتے سر جھکا لیا.. شرم وحیا سے اُس کے گال تک دمکنے لگے تھے..

عاقب نے اُس کا ہاتھ دباتے ریلکس کرنا چاہا تو وہ ہاتھ جھٹکتی اٹھ کر چلی گئی..

"حارث کب آ رہا واپس.. ؟؟"

شاہد صاحب فون. میں مصروف تھے.. اچانک یاد انے پہ پوچھا..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..مجھے نہیں پتہ

..عاقب بے زاری سے کہتا وہاں سے واک اوٹ کر گیا

اسے کیا ہوا.. ؟؟

..میں سوچ رہا تھا حارث ائے گا تب ہی پارٹی رکھیں گے

کچھ نہیں ہوا.. ذرا سا بھی اُس کی بیگم کو کچھ کہہ دو تو
...منہ پھلا لیتا ہے

..شفق بیگم سر جھٹکتے بولیں

..حرا حارث کو فون کرو

..جی مام

..کیا ہو گیا ہے شفق بیگم.. اج تو خوشی کا دن ہے




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عینہ کمرے میں ا کر ترتیب سے رکھی چیزوں کو دوبارہ ترتیب سے رکھنے لگ گئ..عاقب نے اندر ا کر کن اکھیوں سے عینہ کو دیکھتے فون ڈریسر پہ رکھا...



انس سے بات کر لیتی...

کر لوں گی..

نارمل آواز میں بولتے عینہ کی اواز روندھ گئ تھی..

عینہ.. عاقب تڑپ کر عینہ کی طرف بڑھا تھا..

دیکھتے ہی دیکھتے اُس کی انکھوں سے دو موتی جھلکے تھے.. جو اُس نے بے دردی سے صاف کیے تھے..

"کیا ہوا ہے.. ؟؟"

بے قراری سے پوچھا گیا..

کچھ ہوا ہی تو نہیں ہے..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تعجب سے کہا گیا.

مجھے نیند ا رہی ہے.. سونا ہے..

عاقب کے ہاتھ ہٹاتے کہہ کر بیڈ پر جا کر لیٹ گئ اور بلینکیٹ منہ تک اوڑھ لیا.عاقب وہیں کھڑا اُس کی کاروائ دیکھتا رہا..

ٹھیک ہے.. کل ڈاکٹر کے پاس چلیں گے.. لیکن صرف تمہاری تصلی کے لئے.. تاکہ تمہارے دماغ سے فضول خُرافات نکلیں..مجھے کوئ فرق نہیں پڑتا...

عاقب نے کہا تو عینہ نے بلینکیٹ ہٹا کر بے یقینی سے دیکھا..

اب اسے کیوں دیکھ رہی ہو...تم تو سونے لگی تھی..

عاقب نے کہا تو عینہ نظریں جھکا گئ




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..آپ کو کسے پتہ چلتا ہے... میرے دماغ میں کیا چل رہا ہوتا

..بالوں کو کان کے پیچھے کرتے جھجھک کے پوچھا گیا



جسے تمہے پتہ چل جاتا.. لوگوں کے دماغوں میں اس وقت کیا چل رہا.. اور تم اپنے آپ سے ہی لڑنے لگ جاتی..

عاقب نے مسکراتے ہوئے کہا اور بیڈ کی دوسری طرف ا کر بیٹھ گیا..

یہ میرے سوال کا جواب نہیں تھا.. آپ ہمیشہ مجھے میرے سوال جواب کی صورت میں لٹاتے ہیں..

..عینہ نے خفا ہوتے کہا..اور اسی کے کندھے پر سر رکھ لیا

..اچھا خفا ہو کر میرا ہی کندھا توڑنا ہے

..کہہ سکتے ہیں.. یہ عمر بھر کی سزا ہے آپ کی




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..اچھا ایک بات تو بتائیں



..آپ کسے جان لیتے ہیں میرے احساسات.. ری ایکشنز

ظاہری سی بات ہے مجھے تم سے محبت ہے..اٹومیٹیکلی پتہ چل جاتا ہے..

عاقب نے گھمیر لہجے میں کہا.. عینہ اب ہچکچاتی نہیں تھی.. اُسے عادت ہو گئ تھی سننے کی..

..آپ نےاب میرے سوال میں ہی سے جواب نہیں دیا

..ہاہاہا

ابھی لٹا دیتا ہوں

میں جب بھی اس سے کہتا ہوں

مجھے تم سے محبت ہے




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ مجھ سے پوچھتی ہے کہ

بتاؤ نا! کہ کتنی ہے؟

میں بازو کھول کر کہتا ہوں کہ

زمیں سے آسماں تک ہے

فلک کی کہکشاں تک ہے

میرے دل سے تیرے دل تک

مکاں سے لا مکاں تک ہے

وہ کہتی ھے، کہ بس اتنی!!!

میں کہتا ھوں

یہ بہتی ھے

لہو کی تیز حدت میں

میرے جذبوں کی شدت میں

تیرے امکاں کی حسرت کی

میرے وجداں کی جدت میں


Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ کہتی ہے

نہیں کافی ابھی تک یہ

میں کہتا ہوں

ہوا کی سرسراہٹ ہے

تیرے قدموں کی آھٹ ہے

کسی شب کے کسی پل میں

مجسم کھنکھناہٹ ہے

وہ کہتی ہے یہ کیسے فیل )محسوس( ہوتی ھے؟؟

میں کہتا ہوں

چمکتی دھوپ کی مانند

بلوریں سوت کی مانند

صبح کی شبنمی رت میں

لہکتی کوک کی مانند

وہ کہتی ھے




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مجھے بہکاوے دیتے ہو؟

مجھے سچ سچ بتاؤ نا

مجے تم چاھتے بھی ہو

یا بس بہلاوے دیتے ہو؟

میں کہتا ہوں

مجھے تم سے محبت ہے

کہ جیسے پنچھی پر کھولے

ہوا کے دوش پر جھولے

کہ جیسے برف پگھلے اور

جیسے موتیا پھولے

وہ کہتی ھے

!!مجے الو بناتے ہو

مجے اتنا کیوں چاہتے ھو؟

میں اس سے پوچھتا ہوں اب




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمھیں مجھ سے محبت ہے؟

بتاؤ نا کہ، کتنی ہے

وہ بازو کھول کے

مجھ سے لپٹ کے

جھوم جاتی ہے

میری آنکھوں کو کر کے بند

مجھ کو چوم جاتی ھے

دکھا کے مجھ کو وہ چٹکی

دھیرے سے مسکراتی ھے

میرے کانوں میں کہتی ھے

فقط اتنی

بس اتنی سی---!!

عاقب روانگی سے بول رہا تھا اور عینہ سانس روکے سن رہی تھی..ایک فسوں خیز ماحول طاری ہو چکا تھا..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ڈیڈ آپ سے کچھ نہیں ہو گا.. وہ لوگ خوشیاں منا رہے ہیں.. اور آپ یہاں سر پکڑ کر بیٹھے ہیں.. میں پچھلے سات مہینوں سے چپ ہوں.. صرف آپ کی وجہ سے..آپ یہ کریں گے.. سڑک پر لائیں گے.. اوفر دیں گے.. وغیرہ وغیرہ..لیکن وہ لوگ ہمارا مزاخ اُڑا کر ہنس رہے ہیں..

فاریہ چلاتے ہوئے بول رہی تھی..اُس کی گرجتی اواز سے گھر کے نوکر بھی سہم گئے تھے..

بیٹا میں نے تو بہت کوشش کی.. اُن کی کمپنی ڈوب جائے.. پھر میں اُن کا بزنس بچانے کی مدد تمہاری اور عاقب کی شادی کی شرط رکھ کر کروں.. لیکن انہوں نے محنت کافی کی..اور کامیاب رہے.. میری محنت کے آگے اُن کی لگن جیت گئ..

فیاض صاحب نے افسردہ ہوتے ہارے ہوئے لہجے میں کہا..

اب میں اپنی مرضی کروں گی




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..فاریہ اٹل لہجے میں بولی

..بیٹا ایسا کچھ نہ کرنا.. کہ تمہاری زندگی ہی برباد ہو جائے

نو ڈیڈ.. میری زندگی برباد ہوتی ہے تو ہو جائے.. آباد میں اُن دونوں کی بھی زندگی نہیں رہنے دوں گی..

..فاریہ غصیلے انداز میں کہتے اپنے کمرے میں چلی گئی

..فیاض صاحب نے پریشانی سے جاتے دیکھا

فیاض آپ سمجھائیں اُسے.. کیوں جیتا جاگتا گھر برباد کرنا چاہتی ہے..

مسسز فیاض نے فکر مندی سے کہا تو فیاض صاحب نے خشک نظروں سے دیکھا.. تو مسسز فیاض چپ کر گئیں..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عینہ اور عاقب ڈاکٹر سے مل کر چیک اپ کروا کر واپسی پہ کافی مطعمین تھے..

میں تمہے پہلے ہی کہتا تھا ہر کام میں اللہ کی مصلیحت ہوتی ہے.. اُسی کی مرضی چلتی ہے..لیکن تم سمجھتی نہیں ہو.. ابھی ہماری شادی کو عرصہ ہی کتنا ہوا ہے..

عینہ نے عاقب کی بات سن کر ٹھنڈی اہ بھرتے ہوں کہا اور باہر دیکھنے لگ گئ.. عاقب ڈرائیو کرتا بگاہیں بگاہیں عینہ پہ بھی نظریں مار لیٹا..

گھر ائے تو شفق بیگم بے تابی اُن کی طرف بڑھی.. عینہ تو شرمندہ ہی ہو گئ..شفق بیگم کی حالت دیکھ کر..لیکن وہ چاہ کر بھی کچھ کر نہیں پا سکتی تھی...کیوں کہ وہ بلکل ٹھیک تھی.. بس خدا کی طرف سے کن کی منتظر تھی.. شفق بیگم کو جب اُس نے بتایا تو اُن کے چہرے پر چھائ مایوسی دیکھ کر عینہ خود کو قصوروار سمجھتے لگی..عاقب تو کب کا دوبارہ افس جا چکا تھا..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کوئ بات نہیں بیٹا.. اللہ کی طرف سے دیر ہے.. ہمیں خوشیاں ملنے میں.. جب اُس کا حکم ہو..تم پریشان نہ ہو.. اللہ جلدی تمہاری جھولی بھرے گا..

شفق بیگم نے ٹھرے ہوئے انداز میں کہا اور اپنے کمرے میں چلی گئی.. عینہ کتنی ہی دیر لاونچ کے بیچو بیچ کھڑی رہی.. اس گھر کو خوشیاں دینے کے لئے وہ خود کا کتنا بدل چکی تھی...ایک شخص کی خاطر... یا اُس کی محبت کی خاطر.. وہ صرف یہاں تھی.. اب بے بس کھڑی تھی.. اس وقت اُس کے آختیار میں کچھ نہیں تھا..

عینہ پھر بھی خود کو ہی قصوروار سمجھ رہی تھی..اوپر سے فون کالز کی دھمکیاں...کوئ اُسے فون کر کے دھمکا رہا تھا کہ یہاں سے چلی جائے ورنہ اُسے مار دیں گے..

عینہ تو چکرا کر ہی رہ گئی تھی.اُس نے تو افس جانا بھی چھوڑ دیا تھا..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کچھ دنوں بعد کی بات ہے عاقب افس سے تھکا ہارا ایا تو عینہ کو ڈسٹرب سا سر تھامے بیٹھے دیکھا..

ہزار بار سمجھا چکا ہوں...لیکن سوچنا تو تمہاری سانسوں کے ساتھ چلتا ہے ناں...سوچو گی نہیں تو سانس نہیں ائے گی ناں...اسی لئے جتنا سانس لینا اشد ضروری ہے اُسی طرح سوچنا اشد ضروری ہے تمہارے لئے..ساری سوچیں تمہارا دماغ میں ہی تو اتی ہیں..

عاقب نے ٹائ کی ناٹ ڈھیلی کرتے ترش لہجے میں کہا.. عینہ کچھ کہنے ہی لگی تھی کہ اُس کا فون بجا.. نمبر دیکھا تو اُس کے چہرے کی ہوائیاں اُڑ گئیں..

کس کا فون ہے..؟؟جو تمہارا چہرہ لٹھے کی مانند سفید ہو گیا..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..ک کس کسی کا نہیں

..دیکھاؤ مجھے

عاقب نے نمبر دیکھتے فون ریسیو کیا..ابھی کچھ بولتا کہ دوسری طرف سے کی گئ بات کم دھمکی سن کر اُس کا ..میٹر ہی گھوم گیا

"کون بول رہا ہے.. ؟؟"

عاقب نے جاہارنہ انداز میں پوچھا..لیکن دوسری طرف ..عاقب کی آواز سن کر فون کاٹا جا چکا تھا

عاقب نے عینہ کے تاثرات دیکھتے سوالیہ نظروں سے اُسے .دیکھا

"یہ کون تھا... ؟؟"

اور کب سے تمہے دھمکیوں والے فون ا رہے ہیں..؟؟




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں سمجھا تھا تم بچے کی ٹیشن میں ہو...'لیکن یہ کیا ہے..
؟؟"

عاقب فل غصے میں ا چکا تھا.. پتہ نہیں دو ویک ہو گئے ہیں..

عینہ منمنائ تھی..

عینہ سیرئیسلی...

اور تم نے مجھے بتانا ضروری نہیں سمجھا..

جب پانی سر کے اوپر سے گزر جانا تھا تب بتانا تھا..

عاقب کی بولتے بولتے سانس اکھڑ گئ تھی...عینہ نے فوری پانی اُس کی طرف بڑھایا.. البتہ ہونٹ سیے ہی رکھے..



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat| By Pakezza Tayyaba (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دو منٹ کا کام ہے ابھی پتہ لگ جائے گا.. یہ کس کا نمبر ہے..

کیوں کہ نہ ہی میرا کوئ دشمن ہے اور نہ ہی تمہارا..

اور یہ مارنے کی دھمکی جس نے بھی دی ہے.. زندہ تو وہ نہیں بچے گا..

عاقب طیش کے الم میں بول رہا تھا کہ شفق بیگم اُس کی اواز سن کر فکرمندی سے اندر ائیں..

"کیا ہوا... ؟؟"...'تم دونوں چیخ کیوں رہے ہو... ؟؟"

کچھ نہیں مام کوئ میری زندگی چھینا چاہ رہا ہے... اور میں چیخوں بھی ناں..

عاقب نے شفق بیگم کو فون پر ائ کال کا بتا کر غصے سے تن فن کرتا کسی کا نمبر ملاتے واک اوٹ کر گیا.. عینہ سر جھکائے مجرموں کی طرح بیٹھی رہی..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..ہماری زندگی میں ناجانے کب سکون ائے گا

شفق بیگم تو کہہ کر باہر چلی گئیں.. عینہ نے بھیگی انکھوں سے اُن کی پشت کو دور جاتے دیکھا..

)

..عاقب نے لاونچ میں اتے شاہد صاحب سے اُن کا فون مانگا

شاہد صاحب اُس کی جلدبازی

..دیکھ کر ٹھنکے

..ڈیڈ کسی کو کال کرنی ہے.. میرے نمبر سے ہو نہیں رہا

..عاقب نے اُن کے تاثرات دیکھتے وضاحت دی

"پر کسے کرنی ہے... ؟؟"

زور دیتے پوچھا گیا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ابھی افس سے تھکے ہارے ائے ہو.. پہلے کھانا تو کھا لو.. پھر دیکھ لینا.. کون ہے وہ..اتے ہی ٹینشن سوار کر لی اپنے سر پہ..



شفق بیگم نے کہا تو شاہد صاحب نے ناسمجھی سے اُنہیں دیکھا..

مام یہ سکون سے بیٹھنے والی بات ہے...میری بیوی کو کوئ دھمکیاں دے رہا ہے.. جان سے مارنے کی.. اور میں ٹیشن نہ لوں..میری زندگی جڑی ہے اُس سے..

عاقب غصے میں بول کر سر جھٹک کر شاہد صاحب کا فون لیتے واپس پلٹ گیا.

"ہوا کیا ہے... ؟؟؟"



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat| By Pakezza Tayyaba (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہد صاحب نے اب  کہ تیز لہجے میں پوچھا تو شفق بیگم نے بتا دیا.



کوئ عینہ کو کافی دنوں سے فون کر کے دھمکیاں دے رہا ہے.. یہاں سے چلی جائے ورنہ جان سے مار دیں گے.. نا جانے کون ہے..اکیلی رہتی تھی.. کیا چکر ہے.. کوئ اُس کا جان پہچان وال

بس شفق اگے نہ بولنا.. تم جس انداز میں بول رہی ہو.. میں سمجھ رہا ہوں.. یہیں تک رہو..

شاہد صاحب تھوڑا تڑخ کر بولے تو شفق بیگم ایک طرف کو گردن ماری..

عاقب اضطرابی کیفیت میں شاہد صاحب کو فون واپس کرنے ایا تو شاہد صاحب نے اپنے پاس ہی بیٹھا لیا..

"پتہ چلا... ؟؟"



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat| By Pakezza Tayyaba (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..ڈیڈ نمبر بند ہے.. اواز سے اندازہ نہیں ہوا.. لڑکا تھا یا لڑکی

..عاقب نے فکرمندانا لہجے میں بتایا

عاقب میں سوچ رہا ہوں.. دیکھو کافی دنوں سے عینہ کو فون ا رہا ہے.. تو مجھے لگتا ہے..یہ جو بھی ہے صرف دھمکی ہی دے رہا... کرنا کچھ نہیں ہے.. اگر کرنا ہوتا تو ..اب تک کر چکا ہوتا

..شاہد ٹہر ٹہر کر سوچتے ہوئے بول رہے تھے

جی ڈیڈ آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں.. لیکن پتا تو کرنا ہے ناں... ..یہ پاگل کون ہے.. کیوں کر رہا یہ سب

..عاقب تھکے ہوئے انداز میں بولا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"نمبر ہے میرے فون میں... ؟؟'

..جی ڈیڈ میں ابھی کال کر رہا تھا.. بٹ نمبر میسر نہیں

..چلو میں دیکھتا ہوں.. تم ریسٹ کرو جا کر

شاہد صاحب کچھ سوچتے سر ہلاتے بولے تو عاقب جی اچھا کہتے اپنے کمرے میں چلا گیا..

تین دن گزر گئے تھے اس بات کو..لیکن وہ لوگ جان نہیں پائے تھے.. کہ کون ہے.. اُس کے بعد فون بھی نہیں ایا تھا.. عینہ کا سوچ سوچ کر ٹینشن لے کر بڑا حال تھا.. اوپر سے شفق بیگم کا عجیب طرح سے دیکھنا..وہ اس سب کا ذمہ دار خود کو ہی سمجھ رہی تھی.. شفق بیگم نے تو اشاروں کناروں میں جتلا بھی دیا تھا کہ اس گھر میں اداسی اُسی کی وجہ سے ہوتی ہے.. جب سے ائ ہے.. خوشیاں کم ٹینشنیں زیادہ ملی ہیں..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عینہ کو سمجھ نہیں ا رہا تھا وہ اس سچویشن میں کیا کرے.. کہیں اُس کے دل میں ڈر بھی تھا کہ عاقب کچھ غلط نہ سوچ لے اُس کے بارے میں..کیویک عاقب خود بھی کافی سٹریس میں تھا...تھوڑا بہت غصہ بھی کیا تھا..لیکن وہ بھی کچھ سیکنڈ میں جھاگ کی طرح بیٹھ گیا تھا..بھوری انکھوں میں اشک اُس کی کمزوری تھے.. اُس کے بعد نارمل ہی رویہ تھا..لیکن عینہ کو پھر بھی ڈر لگا ہوا تھا..کہ عاقب کسی غلط فہمی کا شکار نہ ہو جائے..

عینہ کھانا لے اؤ روم میں ہی..

عاقب نے فریش ہو کر ا کر ڈریسر کے سامنے کھڑے ہوتے بال سیٹ کرتے کہا..لیکن عینہ اپنے ہی خیالوں میں کھوئ ہوئ تھی.. سن نہ پائ..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عاقب گہری سانس لیتے اُس کے قریب گیا.. اور کندھا ہلا کر متوجہ کیا.. تو عینہ نے ناسمجھی سے اُسے دیکھا..



بیگم کھانا کھلانا ہے یاں.....

عاقب نےگھبیر لہجے میں بولتے نظروں میں ہی کچھ باور کروا دیا..

عاقب کے اس طرح دیکھنے سے عینہ کی ساری حسیں بیدار ہو گئیں..

میں لاتی ہوں کھانا..

مری ہوئی آواز میں کہہ کر وہ اٹھنے لگی کہ عاقب نے دوبارہ بیٹھا دیا..

میں دیکھ رہا ہوں ناں... کیوں ٹینشن لے رہی ہو.. اور ویسے بھی اس بندے کا وہ حساب ہے..جو صرف گرجنا ہے.. برستا نہیں.. مطلب وہ بھونکے گا.. کچھ کرنا ہوتا تو اب تک کر چکا ہوتا...تم کیوں دماغ خراب کر رہی ہو اپنا.. ناجانے




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کب سے دل میں دبائے رکھی تھی.. پہلے بتا دیتی..اکیلی ہی پریشان ہوتی رہی.



عاقب نے پیار اور نرمی سے ایک بازو اُس کے گرد حمائل کرتے اپنے ساتھ لگاتے سمجھاتے ہوئے کہا...عینہ کو تو جسے ڈھارس ملی تھی..میں کسی کو تنگ نہیں کرنا چاہتی تھی.. میری وجہ سے کوئ پریشان نہ ہو.. وہ عاقب کے سینے سے لگے پرسکون ہوتے بولی اور آنکھیں موند گئ..اور تھوڑی ہی دیر میں نیند میں بھی چلی گئی. کیوں کہ عاقب اُس کے بالوں میں انگلیاں پھیرتے سکون بخش رہا تھا..

عاقب کو جب عینہ کے سونے کا احساس ہوا تو اُس کے ہونٹوں کی مسکراہٹ گہری ہو گئ..

مطلب جناب اج تمہارا ارادہ مجھے بھوکا سولانے کا تھا..

چلیں آپ کے ارادے بھی ہمارے سر انکھوں پر..

جذبات سے چُور لہجے میں کہتا عینہ کو بستر پر لیٹا کر اچھے سے بلینکیٹ اوڑھایا.. کچھ سیکنڈ کے لئے اُس کے




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ماتھے پر اپنے لب رکھے.. پھر گال سہلاتے دوسری سائید پر ا کر لیمپ اوف کرتے لیٹ گیا..



پتہ تو لگانا پڑے گا... تمہاری سوچوں کا رخ جس سمت جا رہا ہے.. وہ میری زندگی ہلانے کے لئے کافی ہے..میں افورڈ نہیں کر سکتا اب.. تمہارا یوں سوچنا.. بہت مشکلوں سے ہمارا رشتہ اتنا مضبوط ہوا ہے.. میں اس میں فاصلے نہیں انے دوں گا..

عاقب عینہ کو دیکھتے سوچ رہا تھا..اور پھر عینہ کو اپنی انکھوں کے حصار میں رکھے نیند کی وادیوں میں اُتر گیا..

صبح عاقب افس جانے سے پہلے چوکیدار اور ڈرائیور دونوں کو ہدایت دینا نہیں بھولا تھا

اگر عینہ بی بی اکیلے جائیں.. مجھے فوری فون کر کے بتانا.. اور گھر سے باہر جب بھی بکلیں.. تب بھی..مجھے انفارم کرنا نہ بھولنا.. کوئ ملنے ائے.. اکیلے میں بلکل نہیں ملنے دینا.. مام یا حرا کی وہاں موجودگی ہونی چاہئے




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..جی چھوٹے صاحب

دونوں نے تابعداری سے گردن ہلائ تھی. تو عاقب تاکید کرتے افس چلا گیا...

..بھابی شاپینگ پے چلیں

..حرا عینہ کے کمرے میں اتے اکسائٹیڈ ہوتے بولی

میرا سمیسٹر سٹارٹ ہونے والا تو مجھے نئ چیزیں چاہئیں..اور آپ کے ساتھ شاپینگ کرنے کا مزہ ہی اور ہے..

..حرا کل چلیں.. اج میرے سر میں کچھ درد ہے

عینہ نے بے چارگی سے نفاست زدہ اواز میں کہا....اس کا موڈ نہیں تھا..ورنہ شاپینگ کا تو اُسے خود بہت شوق تھا.




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھابی آپ کا جھگڑا ہوا بھائ سے...؟؟



حرا نے رازداری سے پوچھا..

نہیں... کیوں... کس نے کہا اپ سے.. ؟؟

وہ آپ کے سر میں درد ہے اور عاقب بھائ کچھ پریشان ہیں.. مام سے بھی کسی بات پہ بحث کر رہے تھے.. تو مجھے لگا..

نہیں حرا ایسی تو کوئ بات نہیں.. ایسی کبھی کوئ نوبت ہی نہیں ائ کہ ہمارا جھگڑا ہو..

اوو... میں بھول گئی..بھائ آپ سے پیار ہی اتنا کرتے ہیں کہ آپ کو دکھ دینے کا کیا ناراض کرنے کا بھی سوچ نہیں سکتے..

حرا منہ پہ ہاتھ رکھتے ہنستے ہوئے بولی..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ..لیکن میں نے تو ٹیشن کے علاوہ کچھ نہیں دیا اُنہیں"

یہ عینہ نے دل میں سوچا.. حرا کو کہہ کر لمبی بجٹ شروع ہو جانی تھی..جو کہ عینہ میں کرنے کی ہمت نہیں تھی...حرا کے پہلے ہی الٹ پٹانگ سوالوں کے جواب دیتے وہ عاجز ا جاتی تھی..

چلیں آپ ریسٹ کریں.. ہم کل چلیں گے.. شاپینگ اپ کی چوائس سے ہی کروں گی..

حرا اپنی ایک انکھ دباتے بول کر باہر نکل گئ..

عینہ سر جھٹکتے ہلکا سا مسکرا دی..پھر کچھ یاد انے پر اٹھی.. عاقب نے خاص فرمائش کی تھی اپنے ہاتھ کا چائنز کھلائے.. وہ ہی بنانے کے ارادے سے وہ کہچن کی طرف بڑھی..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"گئ نہیں.. ؟؟"

شفق بیگم نے ابرو اچکائے بوچھا..



مام بھابی کے سر میں درد تھا. کل جائیں گے...

حرا نے موبائل میں کچھ ٹائپینگ کرتے بنیازی سے بتایا تھا...

اپنے درد سر دوسروں کو دیا ہے..تو خود کے سر میں درد تو نہیں بنتا... جب سے ائ ہے.. سر درد ہی ہے..

شفق بیگم کرواہٹ سے منمنائیں.. لیکن پاس سے گزرتی عینہ سن چکی تھی.. شفق بیگم ایل سی ڈی کی طرف متوجہ ہو گئیں تھیں اس لئے انہیں پتہ نہیں چلا تھا

عینہ سے ضبط کرنا مشکل ہو گیا تھا.. ہلک میں انسوؤں کا پھندا سا بن گیا تھا..

ارے بھابی آپ کے سر میں درد تھا.. آپ پھر باہر ا گئیں..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حرا کی اچانک نظر موبائل سے ہٹی تو فوری فکرمندی سے بولی..

نہیں حرا وہ رات کے لئے کھانا بنانا.. آپ کے بھائ سے اسپشیلی کہا تھا..

عینہ نارمل انداز میں بولتی کیچن کی طرف چلی گئ..

جاؤ اُس کی ہیلپ کروا دو.. طبیعت نہیں ٹھیک.. زیادہ نہ خراب ہو جائے... اپنے رانجھے کو خوش کرنے کے چکر میں..

شفق بیگم نے حرا کو خشک لہجے میں جتلایا تو حرا منہ کے زاویے بگاڑتی عینہ کی ہیلپ کروانے چلی گئی..

پتہ نہیں اُس نے کچھ سنا تھا کہ نہیں.. ساس ہوں کچھ بھی کہہ سکتی ہوں..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..شفق بیگم اپنے آپ سے ہی لڑنے لگ گئیں

میں نے کونسا کچھ غلط کہا.. ساس تو بہت کچھ کہتی ہیں.. میں تو کچھ بھی نہیں کہتی..ہاں ویسے بھی وہ کونسا عاقب کو شکایتیں لگاتی ہے..

شفق بیگم ٹھوڑی پر ریموٹ ٹکائے سوچ ہی رہی تھیں.. جب کسی نے چھختے ہوئے اپنی طرف متوجہ کیا..

..حارث کے بچے... تم ہمیشہ طوفان کی طرح اتے ہو

شفق بیگم تو ایک دم چونکتے ہوئے لرز گئیں تھیں.. خفگی سے حارث کو بازو پہ چپٹ لگاتے بولیں..

شور کی اواز سن کر حرا اور عینہ بھی کھچن سے نکلیں.. حرا تو جوش سے حارث کی طرف بڑھ گئ. عینہ سلام کرتے دوبارہ کھچن میں چلی گئی..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھابی کیا کر رہی ہیں کہچن میں..

حارث ماں اور شفق سے باتیں کرتا عینہ کی غیر موجودگی محسوس کر کے بولا..



رانجھے کی ہیر کھانا بنا رہی ہے..

حرا نے دانت دیکھاتے شوخی سے بتایا..تو حارث شفق بیگم کے کڑے تیور دیکھ کر اپنی مسکراہٹ دبا گیا..

تبھی شاہد صاحب اور عاقب بھی اندر اتے حارث کو دیکھ کر سرپرائزد ہوئے تھے..

شاہد صاحب سے بغلگیر ہونے کے بعد حارث عاقب کی طرف بڑھا..

"ائے رانجھے صاحب.. سنائے کیا حال ہے... ؟؟"




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عاقب نے ناسمجھی سے حارث کو دیکھا.. لیکن حرا کھکھلا کر ہنس دی.. اب کہ شفق بیگم بھی ہنس دیں.. تو عاقب سمجھ چکا تھا پھر کوئ کمینہ پن دیکھایا حارث نے..

تم باہر ہی اچھے تھے.. یا وہاں سے اپنی لئے کوئ شیرنی لے آتے..

عاقب دانت کچکچاتے بولا..

کھانا سب نے خوشگوار ماحول میں کھایا..

ہیر ہو تو عینہ بھابی جیسی...

حارث نے تعریفی انداز میں کہا تو عاقب نے ماتھے پہ بل ڈالے اُسے دیکھا..

بھائ حد ہوتی ہے... میں لائن نہیں مار رہا.. بھابی کی تعریف کی ہے..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حارث صدمے سے منہ پھلاتے بولا..



ابھی ہیر کا رانجھا زندہ ہے تعریف کے لئے..

عاقب نے سب کے سامنے ہی بنا کسی ہچکچاہٹ کے کہا تو سب کے ہونٹوں پر دبی دبی مسکراہٹ ا گئ.. البتہ عینہ اپنا سرخ چہرہ مزید جھکا گئ..

مام میری بھی شادی کروا دیں.. پھر میں بھی بھائ کو طریاں ماروں گا.. میری والی آپ سے زیادہ اچھی ہے..

حارث منت بھرے لہجے میں بولا تو شفق بیگم نے اُسے ڈپٹ دیا..

ابھی اپنے پیروں پہ کھڑے ہو جاؤ.. کچھ کما لو.. پھر ذمہ داری لینا..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مام پیروں پہ تو کھڑا ہوں.. بس اب بلندیوں کو چھونے کی کوشش کرنی.. تب ہی مجھے شیرنی ملے گی..



حارث بھائ چڑیا گھر میں بڑی شیرنیاں ہیں.. کل چلیں بارات لے کر.. جو زیادہ ٹگڑی ہوئ وہ بیاہ لائے گئے..

حرا فل سیرئیس موڈ میں بولی تھی.. حارث تو کچا چبا جانے والی نظروں سے اُسے دیکھنے لگ گیا...باقی سب ہنسنے لگ گئیں.. عینہ نے دل میں اللہ کا شکر ادا کیا.. اللہ یہ سب ایسے ہی ہنستے مسکراتے رہیں.. وہ دل میں دعا کرتے سوچ رہی تھی..

لیکن کبھی کبھی خوشیاں تھوڑے سے وقت کی ہی ہوتی ہیں.. یہ بات شاید وہ بھول گئ تھی

روم میں اتے ہی عینہ نے نمبر کا پوچھا..



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajdan Mobbhat| By Pakezza Tayyaba (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں یار... جو بھی تھا.. اب کونسا کر رہا ہے..



عاقب لاپرواہی سے بولا.. وہ کوئ بھی جذناتی تاثر دے کر عینہ کو پریشان نہیں کرنا چاہتا تھا..

پر یہ تو دو منٹ کا کام ہے.. آپ کے کوئ سورسیز نہیں ہیں.. جو انفو دے سکیں..

ہمارے سارے سورسیز تو آپ سے شروع ہو کر آپ پہ ختم ہوتے ہیں.. عینہ کو بازو سے اپنے نزدیک کرتے لو دیتی نظروں سے دیکھتے بولا..

عینہ منمنائ.. احتجاج کرنا چاہا.. لیکن عاقب کے اگے اُس کی کہاں چلتی تھی..

حارث ا گیا ہے.. اب سوچ رہا ہوں.. بڑی سی دعوت رکھ لیتے..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہد صاحب بیڈ پر دراز ہوتے بولے



..پہلے فون کال والا معاملا تو سولو کر لیں

ہو جائے گا.. فکر نہ کرو.. تم اپنے رشتے داروں میں سے نزدیک نزدیک لوگوں کو بلا لینا.. پچھلی دفعہ بھی عینہ کو بہت فیس کرنا پڑا تھا.. بہت سمجدار بچی ہے ماشاءاللہ...

شاہد سمجھداری کا کیا کرنا.. جب وہ اس گھر کو خوشیاں نہیں دے سکتی... وارث تو دیا نہیں ابھی تک..

بیگم اللہ کے گھر میں دیر ہے اندھیر نہیں.. پہلے تمہے عاقب کی شادی سے اعتراض تھا.. اب وارث کی جلدی ہے.. اللہ جس حال میں رکھے اُسی میں خوش رہا کرو.. اور اب لائیت اوف کرو مجھے سونا ہے.. تمہاری تو شکایتیں ہی نہیں ختم ہو رہیں..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شاہد صاحب کہہ کر رخ موڑ کر لیٹ گئے..تو شفق بیگم جلتی کڑھتی لائیت بند کرتیں.. سرہانا پٹختیں لیٹ گئیں..



تین دن پارٹی کی تیاریوں میں گزر گئے.. عاقب خود جا کر عینہ کے لئے پاؤں تک میکسی لایا تھا..جو کہ فل بلیک تھی. سادہ سی شیفون کی گھیرے دار میکسی عینہ کو بھی بہت پسند ائ تھی..اور بھی کافی چیزیں لایا تھا جو ایک سے بھر کر ایک تھیں...

رات کو پارٹی تھی اور وہ چاروں بیٹھے گپیں مار رہے تھے. جب شفق بیگم نے ا کر چاروں کو جھڑکا..

شرم نام کی چیز تو میری اولاد میں ہے ہی نہیں..رات کو گھر میں دعوت ہے اور یہ یہاں ارام فرما رہے..

عینہ تم تو ا جاتی...

سوری انٹی وہ ان تینوں نے بیٹھا لیا تھا..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..عینہ شرمندہ سی صفائ دیتے اٹھی

میری اولاد ہے ہی بے فیض...تم سے کیا شکایت..تم تو اس سے لاکھ درجے اچھی ہو..

شفق بیگم تینوں کو گھورتے بولیں..جو ابھی بھی ڈھیٹ بنے مسکرا رہے تھے..

..مام میری بیوی ہے.. اچھی تو ہو گی

..عاقب فخریہ کالڑ کھڑا کرتے بولا

عینہ بیٹا ان کو چھوڑو...کیچن میں جا کر دیکھو...خانساماں ٹھیک سے بنا رہے کھانا.. ناجانے شاہد صاحب کہاں سے خانساماں اٹھا لائے ہیں..

..انٹی میں جاتی ہوں




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عینہ بول کر فوری نیچے جانے کے لئے سیڑھیوں کی طرف بڑھی..

تم تینوں بھی کچھ کر لو.. شہزادہ گلفام کی اولاد...

شفق بیگم نے تیز لہجے میں جتایا..

اچھا ہیرے تیرا نام اس لئے حرا رکھا تو شہزادہ گلفام کی اولاد ہے.. شاہد کی نہیں.. ہائے مام آپ نے پہلے کیوں نہیں بتایا..

حارث حیرانگی کی ایکٹینگ کرتے بولا.. شفق بیگم ابھی حارث کو کوئ جواب دینے ہی لگیں تھیں کہ اُن سب کے کانوں میں عینہ کی چیخ کی آواز ائ..

عینہ..




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عاقب فوری عینہ کو پکارتے نیچے کو بھاگا.. اُس کا دل عینہ چیخ سن کر ڈوب کر ابھرا تھا..شفق بیگم حارث اور حرا بھی عاقب کے پیچھے نیچے ائے..



فاریہ چھوڑو عینہ کو...

عاقب عینہ کو فاریہ کے قبضے میں دیکھ کر ڈھارا تھا..

فاریہ نے گن عینہ کے ماتھے پر رکھے ایک بازو سے پکڑا ہوا تھا.. عینہ خوفزدہ سی پھٹی نگاہوں سے فاریہ کو دیکھ رہی تھی..

بھائ میں پولیس کو فون کرتا ہوں.. پاگل جاہل لڑکی...
آپ فکر نہ کریں..

حارث عاقب کو تسلی دیتے بولا...




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پولیس کے انے تک یہ گن کی ساری گولیاں اس حجابن کے بھیجے میں اتر چکی ہوں گی..



شوق سے بلاؤ پولیس کو.. میں ڈرتی نہیں ہوں..

فاریہ فوری چلاتے ہوئے بولی..

